آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعہ 24 جولائی 2020ء بمطابق 03 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 202

صوبہ میں محرومی اور پسماندگی ختم کیلئے دور رس اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے، گورنر بلوچستان

وفاق اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور جان لیوا کرونا وائرس کے خلاف موجودہ حکومت نے مرکزی اور صوبائی سطح پر بروقت اور فوری اقدامات اٹھانے کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں

ملاقات میں ملک وصوبے کے مجموعی امن وامان کی صورتحال، کرونا وائرس کے خلاف اٹھائے حکومتی اقدامات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

وزیراعظم پاکستان عمران خان بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں خاصی دلچسپی لے رہے ہیں اور اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی' وفاقی وزیر اسد عمر

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان میں محرومی اور پسماندگی ختم کیلئے عوامی ضروریات سے ہم آہنگ پالیسیوں کو تشکیل دینے، بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور اچھی طرز حکمرانی کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے دوررس اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان خوشگوار تعلقات قائم ہیں اور جان لیوا کرونا وائرس کے خلاف موجودہ حکومت نے مرکزی اور صوبائی سطح پر بروقت اور فوری اقدامات اٹھانے کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں جو ایک خوش آئند عمل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر1 صفحہ3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:15
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

کوئٹہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان این سی او سی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ شہر کے ترقیاتی کاموں کی خود نگرانی کر رہا ہوں، وزیراعلیٰ بلوچستان

دنیا کا ہر ملک دہشتگردی سے متاثر ہوا ہے اسکا یہ مطلب نہیں کہ ہم اپنے علاقوں میں جانا یا ان پر توجہ دینا چھوڑ دیں، صوبے بھر میں ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

کوئٹہ شہر کا ماسٹر پلان بنانے کے لئے کمپنی سے تمام معاملات طے کر لئے گئے ہیں اگست میں کوئٹہ کے ماسٹر پلان پر کام شروع کر دیا جائیگا

سی ایم آئی ٹی، سی اینڈ ڈبلیو، اینٹی کرپشن، پی اینڈ ڈی سمیت دیگر محکموں کی کمیٹیاں بھی منصوبوں کی جانچ پڑتال کر کے ان پر نظر رکھ رہی ہیں' جام کمال خان مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ دنیا کا ہر ملک دہشتگردی سے متاثر ہوا ہے اسکا یہ مطلب نہیں کہ ہم اپنے علاقوں میں جانا یا ان پر توجہ دینا چھوڑ دیں، صوبے بھر میں ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، کوئٹہ شہر کے ماسٹر پلان پر کام اگست میں شروع کر دیا جائیگا، سریاب روڈ پر 8 مختلف منصوبوں کے تحت 96 کلو میٹر سڑکیں بنائی جارہی ہیں، یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ شہر کے علاقوں سریاب روڈ، لنک قمبرانی روڈ، قمبرانی روڈ، لوہڑ کاریز، غریب آباد، حق آباد سمیت دیگر علاقوں کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی انکے ہمراہ تھے۔ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے کہا کہ کوئٹہ شہر کا ماسٹر پلان بنانے کے لئے کمپنی سے تمام معاملات طے کر لئے گئے بقیہ نمبر2 صفحہ3 پر

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پہلے سے کافی بہتر ہے، وزیرداخلہ بلوچستان

بھارت کی طرف سے ہمارے کچھ ناراض دوستوں خاص کر بلوچستان کے سادہ لوح اور بچے پاکستانیوں کو بہکانے کی کوشش کی میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ/پشاور (این این آئی) وزیرداخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بھارت پاکستان میں بدامنی پھیلانے کے لیے اربوں ڈالر لگا رہا ہے بھارت کی طرف سے ہمارے کچھ ناراض دوستوں خاص کر بلوچستان کے سادہ لوح اور بچے پاکستانیوں کو بہکانے کی کوشش کی جاتی بقیہ نمبر4 صفحہ3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی میں گہری دلچسپی رکھتی ہے، علی امین خان گنڈاپور

مستقبل قریب میں گلگت بلتستان پاکستان کا معاشی حب بنے گا' وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان علی امین خان گنڈاپور سے گلگت بلتستان کے نگران وزیر اعلیٰ میر افضل نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گلگت بلتستان کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ بقیہ نمبر9 صفحہ3 پر

کلبھوشن کے معاملے پر عالمی عدالت کے فیصلے پر عمل کیلئے پرعزم ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

کلبھوشن یادیو کیس کے قانونی پہلوؤں کے حوالے سے وزارت قانون سے پوچھا جائے، عائشہ فاروقی کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی نے کہا ہے کہ پاکستان بھارتی جاسوس کلبھوشن جادھو سے متعلق کیس پر عالمی عدالت انصاف کے فیصلے پر عمل کرنے کیلئے پرعزم ہے، کلبھوشن یادیو کیس کے قانونی پہلوؤں کے حوالے سے وزارت قانون سے پوچھا بقیہ نمبر10 صفحہ3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 6 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11523 ہوگئی 9818 صحت یاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 6 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 11523 ہوگئی 9818 صحت یاب۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جمعرات کو کوئٹہ سے کورونا وائرس کے پانچ جبکہ لسبیلہ سے ایک کیس رپورٹ ہونے کے بعد صوبے میں کورونا وائرس بقیہ نمبر15 صفحہ3 پر

اسلام آباد: صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی سی پی ای سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سلوگن

چندروپوں، ذاتی خواہشات ومفادات کے لیے خود کو اور اپنے پیاروں کو مصیبت ومشکلات میں ڈالنا کہاں کی عقلمندی ہے، کرونا وائرس پر جب تک مکمل کنٹرول نہیں ہوتا یا اس کی دوا تجویز نہیں ہوتی ہمیں محتاط رہنا پڑیگا حکومتی پابندیوں اور احتیاطی تدابیر کے ساتھ زندگی گزارنی پڑے گی۔

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ذوالحجہ کے پہلے عشرے کے نیک اعمال اللہ عزوجل کو بہت پسند ہیں، علامہ محمد الیاس عطار قادری

کوئٹہ (آن لائن) امیر اہلسنت حضرت علامہ محمد الیاس عطار قادری نے کہا ہے کہ ذوالحجہ کے پہلے عشرے کے نیک بقیہ نمبر12 صفحہ3 پر

آمین آباد کے علاقے کاکو میں ٹویوٹا پک اپ پر فائرنگ دو افراد جاں بحق

چاغی (آن لائن) آمین آباد کے علاقے کاکو میں ٹویوٹا پک اپ پر فائرنگ دو افراد جاں بحق لیویز ذرائع کے مطابق چاغی بقیہ نمبر11 صفحہ3 پر

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان کے حکم پر ججز کے تبادلے کر دیے گئے، عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان کے حکم بقیہ نمبر13 صفحہ3 پر

اسٹیبلشمنٹ ملک کو شمالی کوریا کے طرز حکمرانی کی طرف دھکیل رہا ہے نواب اسلم رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ ملک بقیہ نمبر14 صفحہ3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

اپوزیشن نے کلبھوشن آرڈیننس کو قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی کوشش کو ناکام کر دیا، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اپوزیشن نے کلبھوشن آرڈیننس بقیہ نمبر19 صفحہ3 پر

چاند کے سائز کو دیکھ کر تاریخ کا تعین کرنا فلکیات یا سائنس کی کون سی کتاب میں لکھا ہے، مفتی منیب الرحمن

کراچی (این این آئی) مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان کے چیئرمین مفتی منیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی بقیہ نمبر18 صفحہ3 پر

کسی بھی چینل، مناظرہ، کریس ہم آئینہ دکھانے کیلئے تیار ہیں، وفاقی وزیر مراد سعید کی بلاول بھٹو کو پھر چیلنج

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو کو چیلنج بقیہ نمبر21 صفحہ3 پر

قومی اسمبلی نے قانون سازی کے معاملات کو دیکھنے کیلئے پارلیمانی کمیٹی کے قیام کی تحریک منظور کر لی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی نے قانون سازی کے معاملات کو دیکھنے کیلئے پارلیمانی کمیٹی کے قیام کی تحریک منظور بقیہ نمبر20 صفحہ3 پر

پاکستان برادر ملک ہے، تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جائیگا، زلفی بخاری

زلفی بخاری کی یو اے ای کی وزیر برائے افرادی قوت نصیر بن ثانی کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دینے پر یو اے ای کا شکریہ ادا کرتے ہیں، ترجمان

دبئی (این این آئی) معاون خصوصی زلفی بخاری نے یو اے ای کے وزیر برائے افرادی قوت نصیر بن ثانی سے ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یو اے ای وزیر نصیر بن ثانی نے زلفی بخاری کا پرتپاک استقبال کیا۔ ترجمان وزارت اوورسیز کے مطابق ملاقات میں یو اے ای میں مقیم پاکستانیوں کو درپیش مسائل پر مشاورت کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ روزگار پاکستانی مزدوروں کی ملازمتوں پر دوبارہ بحالی پر بھی گفتگو کی گئی، ملاقات میں پاکستانی لیبر کی محفوظ وطن واپسی پر بھی تبادلہ خیال بقیہ نمبر16 صفحہ3 پر

قوم نے کووڈ۔19 کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے ایک طویل سفر طے کیا ہے، جام کمال خان

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کورونا وائرس پر قابو پانے کے اقدامات میں کامیابی ملی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ قوم نے کووڈ۔19 کے چیلنج سے نمٹنے کے لئے ایک طویل سفر طے کیا ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کورونا وائرس پر قابو پانے کے اقدامات میں کامیابی ملی ہے اور صورتحال میں نمایاں بہتری آرہی ہے، اس بقیہ نمبر17 صفحہ3 پر

بھارت کا جارحانہ رویہ علاقائی امن واستحکام کیلئے خطرہ ہے، صدر علوی

پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان ون چائنہ پالیسی کی حمایت جاری رکھے گا

دونوں ممالک کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، معیشت اور دفاع کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے، چینی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ بھارت کا جارحانہ رویہ علاقائی امن و استحکام کیلئے خطرہ ہے، پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان ون چائنہ پالیسی کی حمایت جاری رکھے گا، دونوں ممالک کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، معیشت اور دفاع کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ جمعرات کو صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور پاکستان میں چینی سفیر یاؤ جنگ کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں دوطرفہ تعلقات اور ابھرتی ہوئی علاقائی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ ابھرتے ہوئے علاقائی ماحول کے پیش نظر اسٹریٹجک تعاون کو بقیہ نمبر3 صفحہ3 پر

کرونا وائرس کے حوالے سے آئندہ 2 ہفتے اہم ہیں، اسد عمر

عید الاضحیٰ اور محرم کے دوران تمام اسٹیک ہولڈرز عوام کو ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز سے آگاہ کریں

ہمیں آئندہ کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے اس ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہوگا، وفاقی وزیر کا این سی او سی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسد عمر نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے حوالے سے آئندہ دو ہفتے اہم ہیں، اگر عید الاضحیٰ اور محرم کے دوران احتیاط نہ کی گئی تو اسکے اثرات کئی ماہ تک برداشت کرنے ہونگے، کورونا وائرس سے لڑنے کیلئے قومی اور مذہبی ہم آہنگی کے لئے کی جانے والی کوششوں کے مثبت نتائج مرتب ہوئے ہیں، عید الاضحیٰ اور محرم کے دوران تمام اسٹیک ہولڈرز عوام کو ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز سے آگاہ کریں، ہمیں آئندہ کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے اس ہم آہنگی کو برقرار رکھنا ہوگا۔ جمعرات کو نیشنل کمانڈ آپریشن سینٹر کا اجلاس کوئٹہ میں وفاقی وزیر اسد عمر کی صدارت میں منعقد ہوا، اجلاس کی میزبانی وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کی جبکہ صوبائی چیف سیکرٹری نے اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، اجلاس میں عید الاضحیٰ پر مویشی منڈیوں اور نماز عید کے اجتماعات کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اسد عمر بقیہ نمبر5 صفحہ3 پر

چھوٹے صوبوں کے موقف کو اتفاق رائے کے ساتھ نہ صرف تسلیم کیا جائے، ظہور بلیدی

این ایف سی کے فورم میں قومی یکجہتی اور اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے بلوچستان اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے

ڈاکٹر قیصر بنگالی میں صلاحیت موجود جسکے زریعہ وہ دیگر صوبوں کو بلوچستان کے موقف پر قائل کر سکیں گے' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی نے ملک کے معروف ماہر اقتصادیات قیصر بنگالی کی دسویں این ایف سی ایوارڈ میں بلوچستان کی جانب سے بطور ٹیکنیکل رکن نامزدگی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر قیصر بنگالی نہ صرف اقتصادی ومعاشی امور میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں بلکہ انہیں بلوچستان کے مالیاتی اور اقتصادی امور سے بھی مکمل آگاہی حاصل ہے جسکا این ایف سی کے معاملات میں بلوچستان کو فائدہ پہنچیگا اور ہم صوبے کا موقف موثر اور مدلل انداز میں پیش کر سکیں گے صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ این ایف سی کے فورم میں قومی یکجہتی اور اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے بلوچستان اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لئے تیار ہے اور ہماری کوشش ہوگی کہ چھوٹے صوبوں کے موقف کو اتفاق رائے کے ساتھ نہ صرف تسلیم کیا جائے بلکہ بڑے صوبے وسیع القلبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وفاق کی چھوٹی اکائیوں کے لیے مالیاتی گنجائش بھی پیدا کریں ڈاکٹر قیصر بنگالی میں صلاحیت موجود جسکے زریعہ وہ دیگر صوبوں کو بلوچستان کے موقف پر قائل کر سکیں گے۔

پاکستان پیپلز پارٹی نے نیب قوانین سے متعلق ترامیم تیار کر لیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی نیب قوانین میں ترامیم کے معاملے پر بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی احتساب بیورو (نیب) قوانین سے متعلق ترامیم تیار کر لیں اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی پارٹی رہنماؤں سے اہم مشاورت ہوئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بلاول بھٹو زرداری نے سینیٹر فاروق نائیک کو بھی طلب کیا جنہوں نے چیئرمین پی پی پی کو نیب قوانین میں ترامیم کے معاملے پر بریفنگ دی۔ پارٹی رہنما شیری رحمٰن، فاروق نائیک، مصطفیٰ نواز کھوکھر بھی اس مشاورت میں شریک ہوئے۔ واضح رہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے گذشتہ روز نیب پر شدید تنقید کرتے ہوئے اسے بند کرنے کا مطالبہ بقیہ نمبر22 صفحہ3 پر

افغانستان، فضائی حملوں میں طالبان سمیت 45 شہری ہلاک ہو گئے

خام زیارت کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کے فضائی حملوں میں اب تک 45 افراد ہلاک ہو چکے ہیں

افغان فورسز کے حملوں میں شہریوں کی ہلاکت کے الزامات کی تحقیقات کی جاری ہیں، وزارت دفاع کا بیان

کابل (این این آئی) افغانستان کے مقامی حکام نے کہا ہے کہ مشرقی افغانستان میں فضائی حملوں میں طالبان سمیت 45 عام شہری ہلاک ہو گئے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق مشرقی افغانستان کے صوبہ ہرات کے ضلع ادوسکن کے گورنر علی احمد فقیر یار نے بتایا کہ ہلاک ہونے والوں میں کم از کم آٹھ شہری شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خام زیارت کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کے فضائی حملوں میں اب تک 45 افراد ہلاک ہو چکے ہیں جن میں طالبان بھی شامل ہیں۔ یہ واضح نہیں کہ باقی 37 میں بقیہ نمبر26 صفحہ3 پر

کرپشن مقدمات کے فیصلوں میں تاخیر کا ذمہ دار نیب ہے، سپریم کورٹ پھر نیب کی کارکردگی پر برہم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ایک مرتبہ پھر قومی احتساب بیورو (نیب) کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں کہ کرپشن مقدمات کے فیصلوں میں تاخیر کا ذمہ دار نیب ہے جبکہ عدالت عظمیٰ نے وفاقی کابینہ سے 120 نئی احتساب عدالتوں کے قیام کی منظوری لینے، نئی احتساب عدالتوں کے لیے بقیہ نمبر25 صفحہ3 پر

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے وفاقی وزیر غلام سرور خان وزارت خارجہ میں ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں وکلا تنظیموں نے بلوچستان ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں سے بائیکاٹ کیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں وکلا تنظیموں نے بلوچستان ہائی کورٹ اور ماتحت عدالتوں سے بائیکاٹ کیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے جناح روڈ پر سپریم کورٹ کے وکیل اصغر پانیزئی ایڈووکیٹ پر فائرنگ اور زخمی کرنے کے خلاف کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں وکلا تنظیموں نے عدالتی کارروائیوں کا بائیکاٹ بقیہ نمبر24 صفحہ3 پر

موجودہ دور میں انٹرنیٹ کی فراہمی اہم ضرورت بن چکی ہے، وزیراعظم عمران خان

اسکولوں میں انٹرنیٹ کی آسان اور سستی فراہمی سے متعلق ضروری اقدامات کیے جائیں

سندھ کے دور دراز علاقوں میں انٹرنیٹ فراہمی اور بہتر کوریج پر توجہ دی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں انٹرنیٹ کی فراہمی اہم ضرورت بن چکی ہے، اسکولوں میں انٹرنیٹ کی آسان اور سستی فراہمی سے متعلق ضروری اقدامات کیے جائیں۔ جمعرات کو وزیراعظم کی زیر صدارت ملک میں انٹرنیٹ کوریج بڑھانے اور بہتر بنانے سے متعلق اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم کو ملک بھر میں خصوصاً دور دراز، پسماندہ علاقوں میں انٹرنیٹ کوریج پر بریفنگ دی گئی۔ یو ایس ایف کی جانب سے گزشتہ 2 سال کے منصوبوں اور روداد بقیہ نمبر23 صفحہ3 پر

بلاول بھٹو زرداری نے کلبھوشن اور احسان اللہ احسان کو این آر او دینے کا الزام عائد کر دیا

وزیراعظم عمران خان کہتے رہے میں کسی کو این آر او نہیں دوں گا مگر جتنے این آر او عمران خان نے دیے تاریخ میں کسی وزیراعظم نے نہیں دیے

احتساب کے لیے پاکستان میں ایک ادارہ ہو جو سب کا بلا تفریق احتساب کرے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حکومت پر بھارتی جاسوس کلبھوشن اور کالعدم تحریک طالبان کے سابق ترجمان احسان اللہ احسان کو این آر او دینے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کہتے رہے میں کسی کو این آر او نہیں دوں گا مگر جتنے این آر او عمران خان نے دیے تاریخ میں کسی وزیراعظم نے نہیں دیے، جہانگیر ترین، بی آر ٹی، مالم جبہ، بلین ٹری، چینی چوری پر این آر او دیا جارہا ہے، ہر چیز پر این آر او دیا جارہا ہے، وزیراعظم کے خلاف پریس کانفرنس یا تقریر کرو تو احسان اللہ احسان سے دھمکی آتی ہے، احسان اللہ احسان نے ہماری جماعت سے کیا کیا اس کا جواب تو دیں مگر آئے پی ایس کے بچوں کا جواب تو دینا پڑے گا، احتساب کے لیے پاکستان میں ایک ادارہ ہو جو سب کا بلا تفریق احتساب بقیہ نمبر7 صفحہ3 پر

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے زمینداروں اور کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا اور مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے

صوبے کی زیادہ تر آبادی کا معاشی دارومدار زراعت پر منحصر ہے' پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی نے صوبے میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے نہ صرف عوام بلکہ زمینداروں اور کسانوں کو شدید مشکلات کا سامنا اور مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے وفاق کی جانب سے لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کے اعلانات صرف ٹوئٹر تک محدود ہے بلوچستان میں آج بھی 12 سے اٹھارہ اور بیس گھنٹے لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے بلوچستان میں فصلات کو نذر دل نے تباہ کر دیئے بقیہ نمبر27 صفحہ3 پر

بھارت کے تمام ہمسائیوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں، وزیر خارجہ

کیا بھارت انڈیپینڈنٹ صحافیوں کو مقبوضہ کشمیر لیکر جائیگا' بھارت عالمی قوانین کی خلاف ورزیاں کر رہا ہے

بنگلہ دیش کیساتھ ہم اچھے دوطرفہ تعلقات کے خواہاں ہیں، ہم ماضی کی تلخیاں بھلا کر اچھا مستقبل چاہتے ہیں، وزیر خارجہ بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت کے اپنے تمام ہمسائیوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں، ایران نے بھی انڈیا کو چاہ بہار منصوبے سے باہر نکال دیا ہے، غیرملکی میڈیا نمائندوں کا لائن آف کنٹرول کا دورہ بہت اہم تھا کیا بھارت صحافیوں کو مقبوضہ کشمیر لیکر جائیگا، اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے صدر بھی پاکستان آرہے ہیں، ان کے سامنے پاکستان کا موقف رکھوں گا، ساری صورتحال سے آگاہ کروں گا۔ جمعرات کو وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت کے اپنے تمام ہمسائے کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں، ایران نے بھی انڈیا کو چاہ بہار منصوبے سے باہر نکال دیا ہے، غیر ملکی میڈیا نمائندوں کا لائن آف کنٹرول کا دورہ بہت اہم تھا کیا بھارت صحافیوں کو مقبوضہ کشمیر لیکر جائیگا۔ جمعرات کو لائن آف کنٹرول پر بین بقیہ نمبر6 صفحہ3 پر

سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیب کا کردار عوام کے سامنے بے نقاب ہو چکا ہے' شہباز شریف

اے پی سی کے حوالے سے پیشرفت جاری ہے، عید الاضحیٰ کے بعد ہوگی' صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر وقائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے (ن) لیگ کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے، عید الاضحیٰ کے بعد آل پارٹیز کانفرنس ہوگی، سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد نیب کا کردار عوام کے سامنے آچکا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ نیب ایک متنازعہ ادارہ ہے، خواجہ برادران کے کیس میں سپریم کورٹ کے تحریری فیصلے کے بعد اس کا کردار واضح ہو چکا ہے، خواجہ بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

پشین اور زیارت لیویز کی کامیاب کارروائی' دو مغوی بچوں کو بازیاب کروا کر ملزمان کو گرفتار کر لیا

پشین (ن ن) پشین اور زیارت لیویز نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دو مغوی بچوں کو بازیاب کروا کر ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق 13 جولائی کو زیارت سے دو کمسن بچے قاہر اور عبدالخالق کو اغوا کیا گیا تھا واقعے کیخلاف زیارت میں رپورٹ بھی درج کی گئی تھی بعد بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

چھ ماہ سے رکے گئے فیول اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کی مشکلات میں بہت اضافہ ہو سکتا ہے، چیئرمین نیپرا

کووڈ سے صارفین زیادہ دباؤ سے بچ گئے، حکومت کو معاملہ کو جلد حل کیلئے طریقہ کار پر غور کرنا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیپرا توصیف ایچ فاروقی نے کہا ہے کہ چھ ماہ سے رکے گئے فیول اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کی مشکلات میں بہت اضافہ ہو سکتا ہے، کووڈ سے صارفین زیادہ دباؤ سے بچ گئے، حکومت کو معاملہ کو جلد حل کیلئے طریقہ کار پر غور کرنا چاہیے، گزشتہ آٹھ ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ میں صارفین پر 31 ارب کی وصولی اور 35 ارب روپے کی ادائیگی کرنا ہے، صارفین کو بچانے کیلئے نومبر جنوری مارچ اور مئی کی فیول ایڈجسٹمنٹ اگست میں وصول کی جائیگی۔ جمعرات کو نیپرا میں بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

کلبھوشن کو ہائی کورٹ میں ضمانت کا حق دینے کیلئے صدارتی آرڈیننس پیش کرنے سے پہلے اپوزیشن کا احتجاج، نعرے بازی

کس کا دباؤ ہے کہ کلبھوشن کو سہولت دینے کی کوشش کی جارہی ہے، وزیراعظم بتائیں اب پاکستان کی غیرت کا سودا کیوں کیا جارہا ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں بھارتی جاسوس کلبھوشن کو ہائی کورٹ میں ضمانت کا حق دینے کیلئے صدارتی آرڈیننس پیش کرنے سے پہلے اپوزیشن نے شدید احتجاج کرتے ہوئے شور شرابہ اور نعرے بازی کی جبکہ مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کس کا دباؤ ہے کہ کلبھوشن کو سہولت دینے کی کوشش کی جارہی ہے وفاقی وزیر شیریں مزاری نے کہا ہے کہ (ن) لیگ کی حکومت عالمی عدالت انصاف میں نہ جاتی تو آج ہمیں مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی بقیہ نمبر28 صفحہ3 پر

اوتھل کے پہاڑی علاقے گیری سے دس روزہ پرانی لاش برآمد

اوتھل (این این آئی) اوتھل کے پہاڑی علاقے گیری سے دس روزہ پرانی لاش برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل سے مشرق شمالی جانب تقریباً چالیس کلو میٹر دور گیری سے ایک پرانی لاش کی اطلاع پر ایدھی فاؤنڈیشن بلوچستان کے انچارج ڈاکٹر بقیہ نمبر29 صفحہ3 پر

کوئٹہ گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے وفاقی وزیر اسد عمر اور ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری ملاقات کر رہے ہیں

کرم ایجنسی کے علاقے پاراچنار میں دھماکے کے نتیجے میں 16 افراد زخمی

پاراچنار کے طوری بازار میں دھماکے کے نتیجے میں 16 افراد زخمی ہو گئے، اطراف میں موجود املاک کو بھی نقصان پہنچا

پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوع کو گھیرے میں لے کر واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہے

کرم ایجنسی (این این آئی) خیبر پختونخوا کی کرم ایجنسی کے علاقے پاراچنار میں دھماکے کے نتیجے میں 16 افراد زخمی ہو گئے جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث ہلاکتوں کا خدشہ ہے۔ پاراچنار کے طوری بازار میں دھماکے کے نتیجے میں 16 افراد زخمی ہو گئے، اطراف میں موجود املاک کو بھی نقصان پہنچا۔ ڈی ایس صاحب علی نے بتایا کہ آئی ای ڈی کے ذریعے دھماکا کیا گیا جسے سبزی کی ریڑھی میں نصب کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقے میں اکثر سبزی اور پھل فروش ہی موجود ہوتے ہیں اور زخمیوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر قیصر بقیہ نمبر8 صفحہ3 پر

مطالبات کی منظوری پر بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن نے احتجاجی تحریک کی کال واپس لے لی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن نے سیکرٹری کالجز، ہائیر وٹیکنیکل ایجوکیشن کی یقین دہانی پر انٹر کالجز کے خلاف احتجاج کی کال واپس لے لی، جبکہ انٹر کالجز کے ہمراہ پی ایل اے آفس میں کالج اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری کالجز ہاشم خان غلزئی نے لیکچررز اور پروفیسرز کو مسائل کے بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

پشاور: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

24 جولائی 2020ء

فیول اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ صارفین کی مشکلات اضافہ ہوسکتا ہے

چھ ماہ سے روکے گئے فیول اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کی مشکلات میں بہت اضافہ ہوسکتا ہے،کوویڈ سے صارفین زیادہ دباؤ سے بچ گئے ،حکومت کو معاملہ کو جلد حل کیلئے طریقہ کار پر غور کرنا چاہیے، گزشتہ آٹھ ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ میں صارفین پر 31 ارب کی وصولی اور 35 ارب روپے کی ادائیگی کرنا ہے،صارفین کو بچانے کیلئے نومبر جنوری مارچ اور مئی کی فیول ایڈجسٹمنٹ اگست میں وصول کی جائیگی ۔ جمعرات کو نیپرا میں گزشتہ آٹھ ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ حکومت نے 30 جون تک بجلی ٹیرف میں اضافے سے روک دیا تھا۔حکومت کی ہدایت پر نیپرا نے بھی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ اور سہ ماہی اضافے کے درخواستوں کی سماعت نہیں کی' حکومت نے انڈسٹری کے تحفظات کے باعث سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا طریقہ کار روکا،انڈسٹری کا موقف تھا کہ جس مال کو ستمبر سے دسمبر تک بنا کر بیچ دیا اس پر اضافی بجلی لاگت مارچ میں کس طرح ادا کر سکتے ہیں،ہم نے اندازہ ایک سال کا ل سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ طریقہ کار اختیار کلرنے کی تجویز دی ہے،تاہم ایک سال بعد بھی ایڈجسٹمنٹ کی صورت میں مسائل ہوسکتے ہیں۔ چھ ماہ سے روکے گئے فیول اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کی مشکلات میں بہت اضافہ ہوسکتا ہے۔کوویڈ سے صارفین زیادہ دباؤ سے بچ گئے تاہم حکومت کو معاملہ کو جلد حل کیلئے طریقہ کار پر غور کرنا چاہیے۔ گزشتہ آٹھ ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ میں صارفین پر 31 ارب کی وصولی اور 35 ارب روپے کی ادائیگی کرنا ہے۔ صارفین کو مجموعی طور پر 4 ارب 40 کروڑ روپے کا ریلیف ملا۔ صارفین کو بچانے کیلئے نومبر جنوری مارچ اور مئی کی فیول ایڈجسٹمنٹ اگست میں وصول کی جائے گی ۔دسمبر فروری اپریل اور جون کی وصولی ستمبر میں کی جائے گی،ایسے کرنے سے صارفین پر اضافی بوجھ نہیں آئیگا۔ یہ ریلیف زرعی شعبے اور تین سو یونٹ تک استعمال کرنے والے صارفین کو حاصل نہیں ہوگا،حکومت چاہیے تو اس ریلیف کو تمام صارفین تک بڑھا سکتی ہے۔ دسمبر میں 5 ارب روپے مالیت کے فرنس آئل سے بجلی بنائی گئی،کوئلے اور گیس کا درست استعمال کیا جاتا تو پیداواری لاگت میں کمی کی جاسکتی تھی۔

پاسبانِ وطن کو قوم کا سلام

عروبہ عدنان

وطن عزیز کے محافظوں کے خلاف غلط الفاظ استعمال کرنے والے عقل سے پیدل لوگوں کو شاید اس بات کا علم نہیں کہ قوم کی حفاظت کرنے والوں کا اللہ اور اس کے رسولؐ کے سامنے کیا رتبہ ہے۔۔

بلاشبہ ان کے ایک رات جاگ کر ملک کی سرحدوں کی حفاظت کا ثواب سو سال کی عبادت کے برابر ہے

اسلامی سرحدوں کے لئے یا مسلمانوں کے لشکر کی حفاظت کی خاطر پہرے داری کرنے کو "رباط" کہتے ہیں۔

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا " اللہ کے راستے میں دشمن سے ملی ہوئی سرحد پر ایک دن کا پہرہ دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے اور جو شخص اللہ کے راستے میں شام کو چلے یا صبح کو وہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے"

رباط افضل عمل ہے، اللہ تعالٰی نے قرآن میں اس کا حکم دیا ہے اور رحمت العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بے شمار فضائل بیان فرمائے ہیں۔

جو خوش قسمت مجاہد رباط کا عمل کرتا ہے اسے پیچھے رہ جانے والوں کے تمام اعمال کا ثواب ملتا رہتا ہے۔۔۔

وہ آنکھ جو اپنے ملک کی پہرے داری میں جاگتی رہتی ہو اسے جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی۔۔۔

وطن عزیز کے محافظ کی ایک دن کی پہرے داری دنیا و مافیہا سے کہیں بہتر ہے۔۔۔

ا۔ اگر ہم لوگ ان اپنے محافظوں کو گالی دیتے ہیں

۲۔ انہیں ریاست کے ٹکس پہ پلنے کا طعنہ دیتے ہیں

۳۔ بجٹ میں ان کے حصے پہ اعتراضات کرتے ہیں۔۔۔

کیا ان محافظین کے ساتھ زیادتی نہیں؟؟؟

یہ محافظ اپنی ریاست کے لیے اپنا خون بہاتے ہیں

بلا خوف وخطر اپنی جان کی قربانی دے کر ہماری حفاظت کرتے ہیں۔۔۔

یاد رکھیں کہ غازی کا رتبہ انہیں محافظوں کے لیے ہے !!!

شہادت کا اعلی مرتبہ بھی بیشک ان کے ہی پاس ہوگا

اسلام کی سربلندی اور وطن عزیز کی حفاظت کرنے والے کیا ہیں اللہ کے نزدیک یہ پورا وطن جانتا ہے۔

جو لوگ ان کو غلط سمجھتے ہیں وہ توبہ کریں ۔۔۔۔ کیونکہ ان محافظوں کو غلط کہنا اللہ کے غضب کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔

یاد رکھیں! وہ تمام مسلم قومیں برباد ہوئیں جنھوں نے اپنے محافظوں کا ساتھ نہ دیا۔۔۔ ان کی قربانیوں کو یاد نہ رکھا۔۔۔

تاریخ کے اوراق اس بات کے گواہ ہیں۔۔۔

پاک فوج اسلامی فوج ہے۔۔۔

اس کا احترام کیجیے۔

ان شہداء کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے جنھوں نے اپنی جوانی اس دھرتی ماں کے لیے قربان کر دی۔۔۔

ہمیں اپنے دفاعی اداروں کی انتہائی قدر کرنی چاہیے۔

کیونکہ اگر یہ نہ ہوتے تو اس دنیا میں خدانہ کرے شاید ہمارا وجود نہ ہوتا۔۔۔ 73 سالہ تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔۔۔ چلیں زیادہ نہیں 15 سالہ تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں ملک دشمن خارجی عناصر کی یلغار نے وطن عزیز کا کیا حال کیا ہوا تھا۔۔۔ ہم سب کو خون کے آنسو رلا دیا تھا۔۔۔ کیا شہر، کیا قصبہ، کیا گاؤں کوئی بازار گلی کوچہ کھیت کھلیان محفوظ نہ تھا ان ظالم دہشتگردوں سے۔۔۔

ہماری نیندیں اڑ گئی تھیں، ہمارا سکھ چین برباد ہو گیا تھا

صبح اٹھتے ہی جو پہلی سوچ آتی تھی وہ یہی ہوتی تھی کہ نجانے آج خدانخواستہ کیا بری خبر ملتی ہے!!!

باقی سب چھوڑیں ٹیلی ویژن سے ہی خوف آنے لگا تھا کہ کھولتے ہی نجانے کیا بری خبر سننے کو ملے ---

اخبارات دہشت گردوں کی خبروں سے بھرے ہوتے تھے۔ ہم سب کے حواسوں پہ ان دہشت گردوں کا خوف طاری رہتا تھا۔۔۔ ہمارے چہرے ستے، آنکھیں ویران اور لہجے اداس ہو گئے تھے

وہ جن کے پیارے جدا ہوئے ان ظالموں کی دہشت گردی کے باعث ان سے جا کر پوچھیے !!!! کیا درد ہوتا ہے اپنوں کے بچھڑنے کا۔۔۔

بوڑھے جھکے کاندھے، ادھ مرا جسم اپنے جوان بچوں کے لاشے اٹھاتے ہوئے کیا محسوس کرتے تھے ۔۔۔۔

وہ اپنے پیاروں کے کٹے پھٹے خون آلودہ جسم ہم سب نے دیکھے تھے۔۔۔

ہم وہ سب کیسے بھلا سکتے ہیں؟؟؟؟

ہم اپنے معصوم بچوں، اپنے مستقبل کے معماروں کے وہ خون آلودہ معصوم چہرے کیسے بھول سکتے ہیں جو علم کی غرض سے اسکول گئے اور پھر کبھی واپس نہ آئے

ہمیں یاد ہیں ان ماؤں کی چیخیں، آہ وزاریاں۔۔۔

وہ دلخراش مناظر جن کا تصور ہمارے وہم و گمان میں بھی نہ تھا۔۔۔

کیا ہماری قوم کا کوئی فرد بھول سکتا ہے؟؟؟

نہیں ہم کبھی بھی نہیں بھلا پائیں گے۔۔۔۔

شکر الحمدللہ اب وہ حالات نہیں نہ وہ خوف و ہراس ہے۔۔۔ نہ وہ انتشار ہے۔۔۔۔

ہم سب پوری قوم جانتی ہے کہ

ہم نے ان حالات سے کیسے نجات پائی؟؟؟؟

وہ کون فرشتے تھے اللہ کے بھیجے ہوئے؟؟؟

وہ کون مسیحا تھے جنھوں نے ہماری مسیحائی کی؟؟؟

اس درد کی جو درد والا دوا تھا؟؟؟

ہمارے چہروں پہ دوبارہ مسکراہٹ دی؟؟؟؟

ہمیں پھر سے زندگی کی طرف لوٹایا؟؟؟

بلاشبہ وہ ہی ہمارے دفاعی ادارے تھے۔۔۔

وہ وطن عزیز کے محافظ تھے جنھوں نے نہ اپنے والدین کی محبتوں کا نہ اپنی اولادوں کے مستقبل کا اور نہ اپنی جانوں کا خیال کیا اور اپنا تن من دھن سب کچھ اپنی قوم پہ نچھاور کر دیا۔۔۔

آئیے اپنی قوم کے محافظوں کو سلام پیش کرتے ہیں

--

بیشک ان کی قربانیوں کا بہترین صلہ پاک پروردگار کے پاس ہے جو بڑا رحیم وکریم ہے۔۔۔

افواج پاکستان زندہ باد

آئی ایس آئی زندہ باد

پاکستان پائندہ باد

آن لائن کلاسز۔۔اور بلوچستانی طالبعلم فدا بلوچ

پروفیسر انعام اللہ مینگل

جہاں عالمی وباء کورونا نے پوری دنیا کو معاشی، معاشرتی، سماجی، طبی، علمی اور صنعتی بحران سے دوچار کر چکا ہے۔ وہاں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے معدنی، ساحلی اور سیاحتی وسائل سے مالا مال، مگر انتہائی مفلوک الحال اور پسماندہ ترین صوبہ بلوچستان کے حصول علم میں مصروف طلباء/ طالبات کو ایک امتحان میں ڈالا ہوا ہے۔

آن لائن کلاسز نے بلوچستانی طالبعلموں کو جس کرب و عذاب میں ڈالے ہوئی ہیں وہ انتہائی قابل توجہ ہے۔

بلوچستان کے تاریخی شہر، مکران ڈویژن اور ضلع کیچ کا صدر مقام تربت میں زیر تعمیر کیچ کلچرل کمپلیکس کی انتہائی شاندار اور قابل دید عمارت کو دیکھنے کا موقع ملا۔ اس زیر تعمیر عمارت کے سامنے کام میں مصروف عمل مزدوروں سے تھوڑی سی دوری پر تربت کی اس شدید گرمی میں ایک پراگندہ بالوں اور متغیر چہرہ نوجوان دو کاپیوں، تین قلموں اور ایک موبائل لے کر تپتی اور گرم لو کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنی دنیا میں مگن تھا۔

اس نوجوان کو دیکھتے ہی میرے ذہن میں اس نوجوان کے بارے مختلف سوالات نے بیک وقت جنم لیے،

یہ نوجوان اس زیر تعمیر عمارت کیچ کلچرل کمپلیکس کے ٹھیکیدار کا منشی ہوگا، جو استعمال شدہ میٹریل کے اخراجات اور مزدوروں کے دیہاڑی کا حساب و کتاب میں لگا ہوا ہے؟

ہوسکتا ہے یہ جوان کوئی دیوالیہ دکاندار ہوگا، جو اپنے اوپر واجب الادا قرضہ جات اور کھاتہ داروں سے وصولیوں کے بارے میں سوچ رہا ہے؟

ہو سکتا ہے کہ یہ نوجوان کسی زمانے میں قسطوں پر تجارت میں نقصان کرنے کے بعد مفرور قرضداروں پر عائد باقی اقساط کا حساب لگا رہا ہے؟

ان تمام سوالات کے ذہن میں ابھرنے کے بعد اس نوجوان کے قریب جا کر اس کے زیب قرطاس کیے ہوئے ریاضی اور انگریزی کے خوبصورت سطور کو دیکھ کر مجبورا استفسار کرنے کی نوبت آن پڑی۔

میرے ہمراہ نوجوان سیاسی و سماجی شخصیت میر عبدالصمد بروہی نے اس نوجوان کو سلام کرنے میں پہل کر کے اس کے بیٹھنے کی نوعیت پوچھنے کی جسارت کی۔

جب نوجوان نے اپنی داستان نشست بیان کرنا شروع کیا تو جتنے سامعین وہاں استادہ تھے ان سب کے پاؤں تلے زمین کھسکنا شروع ہوگیا۔

نوجوان کا نام فدا احمد بلوچ اور تربت سے دور ایک گاؤں کوشقلات کا رہائشی تھا۔

"فدا احمد بلوچ دھرتی ماں بلوچستان کے ایک لائق و فائق فرزند اور وادی مہران میں سندھو دریا کے کنارے واقع سکھر شہر میں قائم سکھر آئی بی اے (یونیورسٹی) میں کمپیوٹر سائنس انجنئیرنگ پانچویں سمیسٹر کا طالبعلم تھا۔

آئی بی اے سکھر (یونیورسٹی) کے طالبعلم فدا احمد بلوچ نے دہائی دیتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹیوں نے آن لائن کلاسز شروع کیے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے بلوچستان کے اکثر و بیشتر علاقوں میں انٹرنیٹ کیا، موبائل نیٹ ورک کی سہولت میسر نہیں ہے۔

فدا احمد بلوچ نے کہا کہ میں روزانہ 50 کلومیٹر سفر کر کے تربت شہر اس لیے آتا ہوں کہ یہاں موبائل نیٹ ورک کی سہولت دستیاب ہے۔ اس موبائل نیٹ ورک سے مستفید ہو کر میں اپنے اساتذہ کرام اور طالبعلم ساتھیوں سے ایس ایم ایس کے ذریعے مختلف سوالات کے جوابات لیتا ہوں۔

اور یہاں اس زیر تعمیر عمارت کی سایہ کا انتخاب اس لیے کر چکا ہوں کہ یہ ایریا کسی کی ذاتی جائیداد نہیں بلکہ عوامی جائیداد ہے۔

فدا احمد بلوچ نے اپنا دکھڑا بیان کرتے ہوئے کہا کہ دنیا 5G کی دور میں داخل ہو چکی ہے اور ہم بلوچستان والے انٹرنیٹ 4G,3G کی خواب دیکھنا چھوڑیں، ہمارے ہاں تو موبائل نیٹ ورک بھی ناپید ہیں۔

مندرجہ بالا تحریر کا لب لباب یہی ہے کہ بلوچستان کے بچے پڑھنا چاہتے ہیں لیکن ارباب اختیار ان کو سہولیات فراہم کرنے یا کروانے سے کتراتے ہیں۔

یہ کہانی ایک فرضی یا من گھڑت نہیں بلکہ حقیقی اور چشم دید داستان ہے۔

فدا احمد بلوچ کو بغیر نیٹ پڑھتے ہوئے دیکھنے والوں میں میرے ہمراہ نیشنل پارٹی ضلع خضدار کے جنرل سیکرٹری میر اشرف علی مینگل، نیشنل پارٹی ضلع کیچ کے صدر محمد جان دشتی سینیٹر نائب صدر منظور اور بلوچ شامل تھے۔

یہاں پر ان تمام چشم دید گواہوں کا نام اس لئے لکھ رہا ہوں کہ بدقسمتی سے ہم جب کسی بھی بشری ضرورت کی حکومت یا ریاست سے طلب کرتے ہیں تو اس بشری ضرورت کو فراہم کرنے یا حل طلب مسئلے کو حل کرنے کے بجائے ہماری نیتوں پر شک کیا جاتا ہے۔

اکیسویں صدی میں انٹرنیٹ یا موبائل نیٹ ورک کا دستیاب نہ ہونا صرف ضلع کیچ سے تعلق رکھنے والے نوجوان طالبعلم فدا احمد بلوچ کا مسئلہ نہیں بلکہ بلوچستان کے ہر اس طالبعلم کا مسئلہ ہے جو پاکستان کے کسی بھی یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہے۔

گزشتہ کئی ماہ سے ہزاروں فدا احمد بلوچ جیسے طلباء و طالبات سڑکوں پر در بدر ٹھوکر کھا کر موبائل نیٹ ورک و انٹرنیٹ کی سہولت طلب کر رہے ہیں۔

لیکن ان احتجاجی نوجوانوں کی احتجاج کو شک نگاہ سے دیکھ کر ایوان اقتدار میں براجمان بااختیار صاحبان مسئلے کو حل کرنے بجائے احتجاج کو بلا جواز ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

پاک افغان چمن بارڈر کھولا جائے

معروف سیاسی شخصیت قبائلی مشر محترم وطن گران

معروف سیاسی شخصیت قبائلی مشر محترم وطن گران کی شخصیت کسی تعارف یا تعریف کے محتاج نہیں نوجوان وطن گران تعلیم یافتہ خوش گفتار خدا ترس

انٹرویو۔نوراحمد راہی

عوام دوست مزاج کے مالک ہے، بلوچستان کے قبائل اور سیاسی میدان میں معتبر حیثیت رکھتے ہیں، ان کے والد محترم گران آغا کی پشتون ملت اور ملک کے لیے طویل جدوجہد اور خدمات ہیں جن کی پاداش میں انہیں شہادت کا درجہ بھی حاصل ہوا ہے، وطن گران اپنے والد کے نقش قدم پر چل کر دن رات عوام کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں، ان کے دروازے ہر وقت سائلین کے لیے کھلے رہتے ہیں، ان کے مہمان خانے میں ہر وقت قبائلی معاملات کے فیصلے ہوتے ہیں، ان کے قبائلی فیصلے اپنی مثال آپ ہیں انصاف کے تقاضوں کا پورا خیال رکھتے ہیں، وطن گران طویل عرصہ تک قوم پرست سیاست سے وابستہ رہے ہیں تاہم ایک عرصے سے انہوں نے قوم پرستی کی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلی ہے اب ان کے مہمان خانے میں نے ہر قوم ذات اور مذہب کے لوگ نظر آتے ہیں انہوں نے بلا امتیاز رنگ ونسل اور قوم عوام کی خدمت کو اپنا محور بنا رکھا ہے ہم نے وطن گران سے ان کے مہمان خانے میں تفصیلی نشست کا اہتمام کیا جس کی تفصیلات آپ کی خدمت میں پیش ہے

سوال۔ وطن گران صاحب سب سے پہلے ملک کی صورتحال کے بارے میں بتائیں حالات کس طرف جا رہے ہیں

جواب۔ سب سے پہلے میں آپ اور آپ کے ٹیم کا مشکور ہوں کہ آپ نے اپنی مصروفیات میں سے میرے لئے وقت نکالا صحافی معاشرے کی آنکھ ہوتے ہیں انہیں سب کچھ صاف نظر آتا ہے موجودہ صورتحال بھی آپ کے سامنے واضح ہے جولائی 2018 کے انتخابات میں عوام نے ایک مرتبہ پھر اس امید پر اپنے ووٹ کا استعمال کیا کہ شاید انہیں اچھی زندگی میسر آئے گی مگر ایک مرتبہ پھر عوام کے ساتھ دھوکہ ہوا ووٹ لیکر اقتدار کے ایئر کنڈیشن کمروں میں بیٹھنے والے عوام کو فراموش کر کے ذاتی مفادات کے حصول میں مصروف ہیں،عوام پہلے سے زیادہ مسائل مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں مرکز میں ایسے حکمران مسلط کئے گئے ہیں جو بلکل نااہل ہے اقتدار میں آنے کے بعد اپنے کئے ہوئے وعدے بھی بھول گئے ملک مکمل طور پر تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے معاشی صورتحال اس حد تک خراب ہو چکی ہے کہ بدترین مہنگائی کے باوجود سرکاری ملازمین کو تنخواہوں میں ایک روپے کا بھی اضافہ نہیں کیا گیا افراط زر کی شرح گر چکی ہے زر مبادلہ کے ذخائر نہ ہونے کے برابر ہیں مزید سود پر قرضے لے جا رہے ہیں، ہر پاکستانی پریشان ہیں لوگ نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں حکومت بیساکھیوں کے سہارے پر کھڑی ہیں گزشتہ اڈھائی سالوں میں مرکزی اور صوبائی دونوں حکومتوں کی جانب سے ایسا کوئی کارنامہ سامنے نہیں آیا جس پر تالیاں بجائی جا سکے بس اس ملک کا اللہ نگہبان ہو

سوال: بلوچستان اور خصوصا کوئٹہ میں امن و امان کی صورتحال کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں

جواب اب امن وامان ایک ایسا خواب بن چکا ہے جس کی تعبیر مشکل نظر آتی ہیں عوام گزشتہ سالوں سے امن وامان کے لیے ترس رہے عوام کو امن وامان سکون فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے جسے ہر صورت پورا ہونا چاہیے اس ضمن میں عوام اور ہم پر جو ذمہ داری عائد ہوتی ہے اسے پورا کرنے کے لیے ہم ہر وقت تیار ہیں حکومت اور سیکیورٹی فورسز کو امن وامان پر توجہ دینا چاہیے

سوال۔ وطن گران صاحب پاک افغان چمن بارڈر تا حال بند ہے اس بارے میں آپ کیا کہتے ہیں

جواب۔ یہ عوام کے ساتھ سراسر زیادتی و ناانصافی ہے پاک افغان چمن بارڈر کی بندش لمحہ فکریہ ہیں افغانستان اور چمن کے عوام ایک دوسرے کے ساتھ رشتوں میں بھی منسلک ہے چمن بارڈر بین الاقوامی اہمیت کا حامل ہے مقامی کاروبار کے علاوہ وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ تجارت کا بھی یہی راستہ ہے کرونا وائرس کی پاکستان آمد کے بعد چمن بارڈر بند کیا گیا جسے اب تک تقریبا پانچ ماہ کا عرصہ ہونے کو ہے اس دوران لوگ ایک دوسرے کے غم خوشی میں بھی نہیں جا سکے اور بارڈر بند ہونے سے ہزاروں لوگ بے روزگار ہو چکے ہیں اور وہ نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ ظلم تو یہ ہے کہ گزشتہ دو ماہ سے ملک کے دیگر بارڈر کھول دیے گئے لیکن چمن بارڈر تا حال بند رکھا گیا ہے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کرتارپور اور واہگہ بارڈر تو کھولا جاتا ہے جہاں ہر دوسرے دن پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کے ساتھ جھڑپوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے مگر چمن بارڈر جو خالصتا کاروباری اور پرامن ہے اس کو بند رکھنے کی وجوہات سمجھ میں نہیں آتی مسلسل باڈر بند ہونے سے لوگ ذہنی کوفت کا شکار ہو چکے ہیں اور احتجاج کے قریب پہنچ چکے ہیں اگر چمن بارڈر مزید بند رکھا گیا تو عوام سڑکوں پر آنے پر مجبور ہو گئے میں وزیر اعلی بلوچستان میر جام کمال خان آئی جی ایف سی اور دیگر اعلی حکام سے پرزور اپیل کرتا ہوں کہ وہ پاک افغان چمن بارڈر کو فوری طور پر کھولنے میں کردار ادا کریں

سوال۔ پشتون آباد کے مسائل کے بارے میں بتائیں

جواب۔ پشتون آباد کوئٹہ شہر کا دل ہے یہاں کی آبادی لاکھوں کے نفوس پر مشتمل ہے یہاں سے منتخب ہونے والا ہر ایم پی اے صوبائی وزیر بھی بنا لیکن افسوس کہ پشتون آباد کے عوام آج بھی بابا آدم کے دور میں زندگی گزارنے پر مجبور ہے، ہر نئے دور کے ساتھ عوام کی مشکلات اور مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے گیس، پانی، بجلی، امن وامن اور دیگر بنیادی سہولیات آج بھی پشتون آباد کے عوام کے لئے خواب ہیں ایک بدقسمتی یا پشتون آباد کے عوام کے ساتھ ناانصافی یہ ہے یہاں ہر سیاسی جماعت نے اس حلقے سے باہر کے امیدوار کو ٹکٹ جاری کیا جو کامیابی کے بعد یہاں کے عوام کو خاطر میں بھی نہیں لاتا اس حلقے سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی میری تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے گزارش ہے کہ وہ امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرتے وقت اپنے مفاد کے ساتھ عوام اور علاقے کے مفاد کو بھی مقدم رکھیں میری پشتون آباد کے عوام سے التماس ہے کہ اب وہ مزید کسی بہکاوے میں نہ آئے اور اپنے نمائندے کا انتخاب اپنے آپ میں سے اسی علاقے سے تعلق رکھنے والے کا کریں اور میں صوبائی حکومت خصوصا وزیر اعلی بلوچستان جام کمال خان سے پرزور مطالبہ کرتا ہوں کہ پشتون آباد کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکیج کا اعلان کریں

سوال۔ وطن گران صاحب قبائلی تنازعات کے بارے میں کیا کہتے ہیں

جواب میں سمجھتا ہوں کہ قبائلی تنازعات کے حوالے سے بلوچستان میں صورتحال انتہائی خطرناک ہے یہاں آباد دو بڑی قومیں پشتون اور بلوچ ان تنازعات کی وجہ سے ترقی اور خوشحالی سے بھی محروم ہیں ان تنازعات میں قیمتی انسانی جانیں آنے اور ملک و قوم کے کے لیے اثاثے کی اہمیت رکھنے والے اپنی جانیں گنوا چکے ہیں افسوسناک امر یہ ہے کہ ان تنازعات کے حل کے لئے بھی سنجیدہ کوششیں نہیں کی گئیں یہ بھی حقیقت ہے کہ مجھ سمیت متعدد قبائلی شخصیات جن میں لالا یوسف خلجی سرفہرست ہیں اپنے طور پر تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ہیں تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ پشتون بلوچ قبائلی مشران پر گرینڈ جرگہ کی تشکیل ہونی چاہیے جو صوبے میں قبائلی تنازعات کو حل کرانے کا ذمہ دار ہو

وطن گران صاحب عوام کے لئے پیغام دیں گے

جواب اب عوام باشعور اور سمجھدار ہیں اپنے اچھے برے میں تمیز کر سکتے ہیں عوام کو اپنے دوست دشمن کی پہچان کرنی چاہیے آزمائے عناصر کو مسترد کریں اپنے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں آپسی اختلافات اور تعصبات کو ختم کر کے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں دین اسلام کی سربلندی کے کردار ادا کریں ملک دشمن عناصر کی حوصلہ شکنی کریں

شادی اور اس کے شرعی تقاضے (آخری قسط)

حافظ عتیق الرحمن

موجودہ انسانی معاشرے میں بے اعتدالیوں کی اس قدر فراوانی ہو چکی ہے کہ الامان والحفیظ۔ یہاں تک کہ جائز راستوں اور طریقوں کو یا تو اختیار کرنے میں تامل کیا جاتا ہے یا پھر اختیار کرنے کے بعد معمولی باتوں پر دوری اختیار کرلی جاتی ہے۔ ایسے ہی ایک نیک وجائز کام نکاح کرنا بھی ہے۔ مسلم معاشرے میں مغربی معاشرے میں نکاح کو مذاق بنالیا گیا ہے جبکہ مسلم معاشرے میں نکاح کو مشکل تر کردیا گیا ہے، اول تو اس کو رواج نہیں دیا جاتا ہے اور جہاں کہیں شادی بیاہ کا تعلق قائم ہوجاتا ہے تو وہاں پر طلاق اور خلع کی تلوار لٹک جاتی ہے۔ ماسبق میں بیان ہو چکا ہے کہ حال ہی کے سروے کے مطابق چالیس لاکھ کے قریب خواتین مطلقہ اور بیوہ پاکستان میں موجود ہیں جن کی شادیاں اب نہیں ہو رہی۔

طلاق وخلع کی اسلام نے با امر مجبوری اجازت دی ہے اور اس کو حلال چیزوں میں سے اللہ کے نزدیک سب سے مبغوض و ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہے اور میاں بیوی کے درمیان دوری پر شیطان لعین خوش ہوتا ہے۔ طلاق وخلع کے واقع ہونے کے یوں تو بہت سے اسباب وعلل ہیں۔ جدید دور میں ٹی وی پروگرام، موبائل اور ٹیکنالوجی کے استعمال میں بے اعتدالی کی وجہ سے رشتوں کی قدر کا عنصر مفقود ہو گیا ہے اور بے جا توقعات و مطالبات، والدین و بیوی کی جانب سے غیر شرعی تقاضے وغیرہ طلاق و خلع کا موجب ہیں۔ رسول اللہ کا ارشاد ہے بلاوجہ یا معمولی بات پر طلاق مانگنے والی عورت جنت میں داخل ہونا تو درکنار جنت کی خوشبو بھی نہیں سونگھ سکے گی۔ تاہم ان اسباب میں سے تین اہم سبب یہ بھی ہیں:

پہلا سبب: محبت ، مغربی دنیا کی دیکھا دیکھی مسلم ملکوں میں بھی لڑکا اور لڑکی بذریعہ سوشل میڈیا یا اختلاطی معاشرت جو کہ تعلیمی اداروں یا دفتروں میں کام کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے کی بدولت دوستی ومحبت کا تعلق استوار کر لیتے ہیں، اول تو اس میں بات چیت تک سلسلہ محدود رہتا ہے بعد ازاں یہ سلسلہ اس قدر دراز ہوتا ہے کہ خلاف شریعت و اخلاق حسنہ کے میل جول اور اباحیت تک بات بڑھ جاتی ہے، اسی طرح کورٹ میرج کو اختیار کر لیا جاتا ہے، یا پھر من گھڑت جھوٹی وفرضی محبت کے جال میں گرفتار ہو کر والدین کو بلیک میل کر کے شادی کرلی جاتی ہے۔ ان سب صورتوں میں حقیقی محبت چونکہ مفقود ہوتی ہے صرف حسن انسانی یا پھر مال و دولت کی فراوانی اس کا موجب بنتی ہے جیسے ہی مقدس رشتے کے تقاضوں کی ادائیگی کا وقت آتا ہے یا پھر مقصد اصلی مال و دولت حاصل ہو جاتا ہے تو یہ رشتہ سوئی کے دھاگے سے بھی جلدی ٹوٹ جاتا ہے۔ مثالوں سے وضاحت کی ضرورت نہیں ہمارے معاشرے میں اس طرح کی مثالیں بکثرت ملتی ہیں۔

دوسرا سبب: وٹہ سٹہ شرح طلاق میں زیادتی کے اسباب میں سے ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ وٹہ سٹہ کی شادی ۔مطلب یہ ہے کہ رشتہ دیکر بدلہ میں رشتہ لیا جائے۔ ایک ایسی قبیح رسم ہے جو مسلم معاشرے میں زور وشور سے جاری ہے اس کے بجز رشتہ کرنے سے بہت سے لوگ پس وپیش سے کام لیتے ہیں۔ اس میں دولہا کی عمر و دلہن کی عمر کا لحاظ و پاس بھی نہیں رکھا جاتا۔ کیونکہ جہلا کا یہ خیال ہوتا ہے کہ ہم نے اپنی بیٹی کسی کو رضا کارانہ طور پر عقد میں دیدی تو ہمارے بچوں کو بیٹی کون دیگا؟؟؟۔ یہاں تک بسا اوقات باپ دوسری شادی کے لئے اپنی بیٹی کا وٹہ سٹہ کرتا ہے۔ اس سبب سے ملے پانے والے رشتہ سے برکت اٹھ جاتی ہے اسلام میں اس کو جائز قرار نہیں دیا۔ کیونکہ دونوں خاندانوں میں سے کسی ایک کی غلطی کی سزا دوسرا گھر خود بخود برداشت کرتا ہے ،کہا یہ جاتا ہے کہ اگر ہمارا بیٹا یا بیٹی خوش نہیں تو ہم ان کو کیسے سکون سے رہنے دیں۔ چنانچہ معمولی اور بیچ باتوں کی وجہ سے شروع ہونے والا اختلاف طلاق وخلع پر منتج ہوتا ہے۔ جہالت کی اس بدترین رسم کے سبب بال بچوں کا مستقبل تاریک تر ہوجاتا ہے۔

تیسرا سبب: لالچ، اسلام میں رشتہ داری کے قیام کے سلسلہ میں یہ ہدایت دی ہے کہ شادی و نکاح کے وقت خاندان کی وجاہت و لیاقت اور مال و دولت اور سیرت وصورت کا جائزہ لے لینا چاہیے ۔ترجیح کے طور پر یہ حکم ہوا ہے کہ حسن سیرت والی اور کنواری کو رشتہ کے لئے پسند کیا جائے۔ لڑکی والوں سے جہیز کی طلبی کی رسم بھی ممالک میں مشہور و معروف ہے اسلام نے لڑکی کے گھر والوں سے کچھ بھی حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے حضور نبی اکرم نے اپنی لخت جگر حضرت فاطمہ کا نکاح حضرت علی المرتضی سے طے کیا تو حضرت علی کی زرہ فروخت کروا کر ان سے حاصل شدہ رقم سے ضرورت کا سامان جہیز میں عنایت کیا۔ نبی رحمت کے اسوہ حسنہ سے ہمیں یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ لڑکی والوں نے جہیز نہیں دینا اور نہ ہی لڑکے والوں پر اس قدر بوجھ ڈالنا ہے (ماسوائے حق مہر کی ادائیگی، نان ونفقہ کے) کہ وہ بعد ازاں اس رشتہ میں فطرتی محبت و مودت کا احساس کرنے کی بجائے بیوی کو زر خرید نوکرانی سمجھ لے اور جس طرح چاہے اس کے ساتھ برا معاملہ روا رکھے اور اس کی گرفت نہیں ہو سکتی۔ اس طرح کی شادیوں میں لڑکا یا لڑکے والے گا ہے بگاہے لڑکی والوں سے مال و دولت کی طلبی میں مصروف رہتے ہیں اور لڑکا کام کاج کی محنت سے جی چراتا ہے کہ سسرالیوں سے اس کے گھر کا خرچ چل جائے گا۔ اسی طرح لڑکا سونا و زمین یا رقم کے بدلہ میں حاصل ہونے والی بیوی کو عزت و عظمت کی نگاہ سے دیکھنے سے قاصر ہوجاتا ہے بعد ازاں اس مقدس رشتہ میں حرص و لالچ کی ہوس دراڑیں ڈالدیتی ہے جس کے نتیجہ میں طلاق وخلع واقع ہوجاتی ہے۔

مرد کی جانب سے رشتہ ازدواجیت میں بے اعتدالی

شادی شدہ مرد حضرات جب رشتہ ازدواج میں منسلک ہوجاتے ہیں تو اس کے بعد بھی ان کی کوشش و جستجو ہوتی ہے کہ اس کی بیوی اس کی نوکرانی بن کر زندگی بسر کرے، شام وسحر اس کی اطاعت گزار رہے اور اس کی ہر آواز پر بلا چوں چرا لبیک کہے۔ امور خانہ داری تو اپنی جگہ مرد کی جائز و ناجائز خواہشات کی تکمیل میں بھی ہمہ وقت تیار رہے۔ بعض رشتے گھر والوں کے اصرار یا سماج کی رسومات قبیحہ کی بنا پر قائم کر لیے جاتے ہیں لیکن انسان طبعا اس کو قبول نہیں کرتا جس کے سبب وہ اپنی بیوی سے ازدواجی سلسلہ تو استوار کرلیتا ہے مگر اس کا یہ تعلق صرف مباشرت تک قائم رہتا ہے جبکہ بیوی کی دلجوئی و خدمت اور اس کی ضروریات وجذبات کا لحاظ و پاس رکھنا مفقود ہوجاتا ہے یہاں تک کہ اولاد بھی ہوجاتی ہے مگر میاں بیوی میں محبت و عزت کا رشتہ مفقود رہتا ہے یہ ظالمانہ و وحشیانہ حرکت ہے۔ کسب معاش میں پس وپیش سے کام لینا، بیوی کو عزت وتکریم کی نگاہ سے محروم کرنا، اور معمولی بات پر جھگڑا کرنا، شراب وجوا اور امور فاسدہ میں مشغول ہونا وغیرہ جیسی وجوہات کی وجہ سے گھر کو آتش کدہ بنا دیا جاتا ہے۔

عورت کی جانب سے رشتہ کی بے توقیری

عورت جب رشتہ ازدواج میں منسلک ہوجاتی ہے تو وہ اپنی ماسبق زندگی کو فراموش کر کے اب خاوند کے گھر میں دنیا جہاں کی سب آسائش و راحت حاصل کرنے کے درپے ہوجاتی ہے، طلاق یافتہ و بیوہ گذشتہ زندگی کی غلطی و مشکلات سے نجات حاصل کرنے کا موقع میسر آجاتا ہے جب اس کا دوسرا عقد ہوجاتا ہے، اس کو غنیمت جان لینا چاہیے نہ کہ ازدواجی زندگی کو تعمر مذلت بنالے۔ جو عورت برسر روزگار ہوتی ہے اس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ اس کا خاوند اس کا تابع فرمان ہو کر زندگی بسر کرے۔ بعض عورتوں کی جانب سے اس قدر ترش مزاجی اختیار کی جاتی ہے کہ فطرتی طور پر مرد کی عزت نفس تک کو بھی مجروح کردیتی ہے۔ اس سبب سے مرد و عورت میں دوریاں واقع ہوتی ہیں۔ بعض اوقات مرد و عورت ایک دوسرے پر زبان کی درازی کے ساتھ ہاتھ بھی بڑھاتے ہیں یہ امر اس گھر کے تباہ ہونے کی طرف دلالت کرتا ہے۔ نان ونفقہ کی ذمہ داری مرد کی ہے، تغیرات و حوادث زمانہ کے سبب اگر عورت مال دار ہو یا ملازمت پیشہ تو اس کو خاوند کی ہمدردی و دلجوئی کرنی چاہیے نہ کہ متکبرانہ انداز اختیار کر کے زوج کو تکلیف و اذیت پہنچائی جائے، عورت کا مرد پر خرچ کرنا لازم نہیں اگر وہ امور خانہ داری میں شراکت داری کرتی ہے تو احسان جتلا کر اپنی نیکی کو خود ضائع کردیتی ہے اور مرد پر لازم ہے بحالت صحت و عافیت اول اپنے فرائض کی انجام دہی کرے اور اس کے ساتھ امور خانہ میں حسب استطاعت معاونت سے منہ نہ موڑے اور یہ سنت رسول اللہ سے ثابت ہے کہ آقائے دو عالم امہات المومنین کا امور خانہ میں ہاتھ بٹاتے تھے۔

انفرادی و معاشرتی زندگی کی طرح عائلی زندگی کو خوشگوار بنانے کے رہنما اصول

قرآن کریم میں مرد و عورت کو باہم ایک دوسرے کا لباس قرار دیا ہے۔ یعنی میاں بیوی کو جمیع امور زندگانی میں باہم معاونت و مساعدت سے کام لینا چاہیے نہ کہ ایک دوسرے کی معمولی غلطیوں کو بنیاد بنا کر زندگی کو مصنوعی مشاکل و گرداب میں ڈال دیا جائے۔ میاں بیوی پر لازم ہے کہ وہ ایک دوسرے کی اچھائیوں کی جستجو کریں اور اچھے کام کی تعریف اور برائیوں کی چھان بین اور بے جا شک وشبہ سے احتراز کرنا چاہیے۔ بشری تقاضوں سے جانبین میں سے کسی سے غلطی سرزد ہوجائے تو اول اس کو سدھارنے کی سعی کی جائے ، بستر کی علیحدگی کے ذریعہ غصہ کو نرم کرنے کی کوشش کی جائے۔ میاں بیوی میں جھگڑا کے وقت شیطان خوش ہوتا ہے اور وہ اس آگ کو مزید بھڑکاتا ہے ایسے میں سمجھداری کا تقاضہ ہے دونوں میں سے ایک دانشمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گوشہ نشینی اختیار کرلیا رہے میاں بیوی کے درمیان ایک دوسرے سے الگ رہنے کی معاشی و کاروباری یا کسی بھی وجہ سے الگ الگ رہتے ہوں تو اس کی مدت شریعت نے چار ماہ رکھی ہے اس سے زیادہ سالہا سال تک میاں بیوی کا جدا جدا رہنا جائز نہیں۔ انتہائی درجہ پر علیحدگی اختیار کرنے کی اسلام نے اجازت دی ہے تاہم اس امر کو ضرور پیش نظر رکھیں کہ اللہ تعالی کو طلاق کا عمل سب سے ناپسند ہے۔ اور طلاق بیک وقت تین دینے سے احتراز کریں بالخصوص جب اولاد بھی ہوتا کہ غصہ کی کیفیت ختم ہونے پر ندامت و تاسف کے ساتھ رشتہ دوبارہ مستحکم ہوجائے۔۔ میاں بیوی کے جھگڑے اور لڑائی اور والدین کی علیحدگی کے برے اثرات بچوں کی تربیت پر بھی پڑتے ہیں۔

حضور اور امہات المومنین کی زندگیوں میں میاں بیوی کے لئے رہنما سبق

حضور نبی رحمت کی زندگی کو قرآن کریم میں مسلمانوں کے لئے اسوہ حسنہ اور نمونہ قرار دیا گیا ہے۔ لہذا مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے عائلی زندگی و معاشرتی زندگی میں آقائے دو عالم کی زندگی سے درس حاصل کریں۔ ازدواجی زندگی کو گذارنے کے لئے بھی سیرت رسول کے مثالی گوشوں سے رہنمائی حاصل کی جائے۔ حضور کا فرمان عالیشان ہے کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہو اور میں اپنے گھر والوں کے ساتھ اچھا ہوں۔ نبی اکرم نے جتنے بھی عقد کیے ان میں سے صرف ایک نکاح کنواری (حضرت عائشہ) اور باقی تمام نکاح بیوہ و مطلقہ سے کیے۔ آپ کی شادیوں میں حکمت و مصلحت کے بے شمار پہلو پنہاں ہیں جو کتب سیرت میں مطالعہ کیے جاسکتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے بیوہ و مطلقہ سے شادی کرنا معیوب نہیں بلکہ کار ثواب اور سنت رسول کی ادائیگی بھی ہے۔ آنحضرت بسا اوقات امہات المومنین کے ساتھ گھر کے امور انجام دیتے تھے شمار پہلو پنہاں ہیں جو کتب سیرت میں مطالعہ کیے جاسکتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے بیوہ و مطلقہ سے شادی کرنا معیوب نہیں بلکہ کار ثواب اور سنت رسول کی ادائیگی بھی ہے۔ آنحضرت بسا اوقات امہات المومنین کے ساتھ گھر کے امور انجام دیتے تھے۔ حضرت عائشہ کا فرمان ہے کہ آپ کے تندور میں روٹی لگائی، گمشدہ سوئی آپ کے رخ انور کی تابناکی سے ملی۔ اسی طرح امہات المومنین کی زندگی بھی مثالی ہے کہ انہوں نے سب کچھ ہوتے ہوئے اور کچھ نہ ہوتے ہوئے بھی آپ کا ساتھ نہیں چھوڑا۔ حضرت خدیجہ نے اپنا سارا مال و متاع آنحضرت پر نثار کردیا۔ مکی و مدنی زندگی میں آپ کے گھر میں متعدد ایام تک فاقے رہتے تھے۔ یہاں تک کہ جب ریاست مدینہ قائم ہوگئی اور مال غنیمت حاصل ہونا شروع ہوا تو بعض امہات نے پرسکون زندگی گذارنے کے لئے مال حاصل کرنے کی خواہش ظاہر کی تو رسول کو ان کا یہ طرز پسند نہیں آیا تو سورت احزاب میں اللہ تعالی نے امہات المومنین کو متنبہ و خبردار کردیا کہ اگر مالی فائدہ چاہتی ہو تو تمہیں دیکر رخصت کردیتا ہوں اور اگر دنیا کے مقابلہ میں آخرت کو ترجیح دو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ حضرت خدیجہ مشکل ترین دور میں آپ کی رفاقت کا شرف حاصل کیا اور سخت سے سخت حالات میں آپ کی دلجوئی و خدمت انجام دیتی رہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضور نبی اکرم تمام امہات المومنین سے زیادہ حضرت خدیجہ سے محبت فرماتے تھے اور ان کے تذکرہ فراق سے حزین و غمگین ہوجایا کرتے تھے۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمال الدینی، سب ایڈیٹر، نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

نے جمعرات کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسد عمر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر قومی اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری اور وزیر اعظم پاکستان کے فوکل پرسن برائے کوویڈ 19 معین فیصل سلطان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملک وصوبے کے مجموعی امن وامان کی صورتحال، کرونا وائرس کے خلاف اٹھائے حکومتی اقدامات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بعدازاں پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سردار خادم حسین وردگ کی قیادت میں پارٹی کے ایک وفد نے بھی گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی، وفاقی وزیر اسد عمر اور قومی اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری سے علیحدہ ملاقات کی جس میں صوبہ کے مختلف اضلاع میں تعلیم، صحت، صاف پانی اور بیروزگاری سے متعلق عوامی مسائل ومشکلات زیر بحث آئے۔وفد نے پاکستان کے دیگر صوبوں میں بلوچستان کے طلباء وطالبات کیلئے تعلیمی کوٹہ بڑھانے اور صوبے میں بیروزگاری کے خاتمے کیلئے وفاق کی جانب سے بلوچستان کو خصوصی پیکج دینے کا مطالبہ بھی کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں خاصی دلچسپی لے رہے ہیں اور اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 2

ہیں اگست میں کوئٹہ کے ماسٹر پلان پر کام شروع کر دیا جائیگا اس منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر میں بننے والی 12 بڑی سڑکوں پر مکمل پلاننگ کے ساتھ کمرشل سرگرمیوں کو فروغ دیا جائیگا۔انہوں نے کہا کہ بدامنی اور دہشتگردی کا یہ مطلب نہیں کہ ہم اپنے علاقوں پر توجہ دینی چھوڑ دیں میں زرغون روڈ اور لسبیلہ کا نہیں بلکہ پورے بلوچستان کا وزیراعلیٰ ہوں ہم نے لوگوں کو امن کا پیغام دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا سمجھوتے یا درگزر کا مطلب کرپشن کو فروغ دینا ہے کوئٹہ شہر کے ترقیاتی کاموں کی خود نگرانی کر رہا ہوں جبکہ ایم آئی ٹی، سی اینڈ ڈبلیو، اینٹی کرپشن، پی اینڈ ڈی سمیت دیگر محکموں کی کمیٹیاں بھی منصوبوں کی جانچ پڑتال کر کے ان پر نظر رکھ رہی ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سریاب روڈ پر 8 مختلف منصوبوں کے تحت 96 کلومیٹر سڑکیں تعمیر کی جارہی ہیں پہلے مرحلے میں 31 کلومیٹر سڑکیں مکمل کر لی گئی ہیں جبکہ 50 کلومیٹر کے نکاسی آب کے منصوبے بھی بنائے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ ماضی میں جن علاقوں پر توجہ نہیں دی گئی ان پر توجہ دیکر لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنا رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ پسماندہ علاقوں کو بھی بہتر سہولیات فراہم کریں تاکہ یہاں رہنے والے لوگوں کی مشکلات کو کم کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں کئی ایسے منصوبے تھے جو طویل عرصے سے التواء کا شکار تھے انہیں مکمل کیا جارہا ہے جبکہ ہماری کوشش ہے کہ کوئٹہ میں ہر سال نئے منصوبے شروع کر کے شہری سڑکوں کو بہتر کیا جائے۔

شال بقیہ 3

مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ بھارت سی پیک راہداری کیلئے مشکلات پیدا کر رہا ہے۔صدر عارف علوی نے کہا کہ بھارت کا جارحانہ رویہ علاقائی امن و استحکام کے لئے خطرہ ہے، پاکستان چین کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔صدر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان ون، چائنہ پالیسی کی حمایت جاری رکھے گا۔

شال بقیہ 4

رہی ہے مگر بلوچستان کے محب وطن عوام آج تک بھارت کے ارادوں کی راہ میں اڑے ہوئے ہیں اور یہی اس کی ناکامی کی وجہ ہے یہ بات انہوں نے جمعرات کو پشاور میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اب امن امان کی حالت کافی بہتر ہوئی ہے،ہندوستان پاکستان اور بالخصوص بلوچستان میں امن امان کی خرابی کے لئے پیسے لگا رہا ہے سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں کی ہیں جس کے بعد بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پہلے سے کافی بہتر ہے اگر ہماری سیکورٹی فورسز کی قربانیاں نہ ہوتیں تو انڈیا چاہتا تھا کہ یہاں روز ایک دھماکہ ہو۔میر ضیاء لانگو نے کہا کہ این ایف سی میں صرف بلوچستان کا ہی نہیں تمام صوبوں کے شیئر پر کٹ لگا ہے ماضی میں بھی این ایف سی میں بلوچستان کی نمائندگی غیر مقامی افراد نے کی ہے این ایف سی ایوارڈ میں زیادہ اہمیت دلائل کی ہے اگر کوئی شخص بہتر انداز میں صوبے کا کیس اور دلائل دیکر وفاق کو قائل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تو اسے رکن مقرر کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

شال بقیہ 5

نے حکومت بلوچستان اور سول انتظامیہ کی صحت عامہ اور لوگوں کی حفاظت کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کو سراہا۔وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز ملکر عید الاضحی، محرم الحرام، مویشی منڈیوں کے حوالے سے تیار کردہ ضابطہ اخلاق اور ایس او پیز پر عوام کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دو ہفتے کورونا وائرس کی صورتحال کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں،اگر ایس او پیز پر عملدرآمد نہیں کیا گیا تو اسے منفی اثرات آنے والے مہینوں میں برداشت کرنے پڑیں گے۔

شال بقیہ 6

الاقوامی میڈیا کے دورہ کے حوالے سے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اپنے بیان میں کہا کہ غیر ملکی میڈیا نمائندوں کا لائن آف کنٹرول کا دورہ بہت اہم تھا۔انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی طرف سے ہمیشہ دوہرا معیار سامنے آیا،پاکستان نے بلایا اور کہا کہ آ کے دیکھئے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ کیا بھارت انڈیپنڈنٹ صحافیوں کو مقبوضہ کشمیر لیکر جائیگا۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بھارت عالمی قوانین کی خلاف ورزیاں کر رہا ہے،بھارت لائن آف کنٹرول پر شہری آبادیوں کو نشانہ بنا رہا ہے،اقوام متحدہ نے اپنے آبزرور بھی تعینات کیے ہوئے ہیں، بھارت ان کو محدود کر کے رکھتا ہے تاکہ وہ سچ نہ دیکھ سکیں۔وزیر خارجہ نے کہا کہ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے صدر پیر کو پاکستان آرہے ہیں، میں ان کے سامنے پاکستان کا موقف رکھوں گا اور انہیں اس ساری صورتحال سے آگاہ کروں گا۔

شال بقیہ 7

کرے۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کہتے رہے میں کسی کو این آر او نہیں دوں گا مگر جتنے این آر او عمران خان نے دیے تاریخ میں کسی وزیر اعظم نے نہیں دیئے۔انہوں نے کہا کہ جہانگیر ترین، بی آر ٹی، مالم جبہ، بلین ٹری، چینی چوری پر این آر او دیا جارہا ہے یعنی ہر چیز پر ہی این آر او دیا جارہا ہے جب کہ تازہ ترین این آر بھارتی جاسوس کلبھوشن کو دیا گیا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ سینیٹ میں کلبھوشن کو ریلیف دینے کا معاملہ اٹھا تو آج آرڈیننس جاری کیا گیا،آج حکومت عالمی عدالت کو نہیں مان رہی، حکومت کلبھوشن کو این آر او دینے کی کوشش کر رہی ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم کلبھوشن کو این آر او دیں۔

شال بقیہ 8

عباس بخش نے کہا کہ اب تک کم از کم 16 زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جاچکا ہے۔ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جائے وقوع کو گھیرے میں لے کر واقعہ کی تحقیقات شروع کردی ہے۔دوسری جانب علاقے کے رہائشی افراد نے واقعے کے خلاف مقامی پریس کلب کے باہر احتجاج شروع کر دیا ہے۔

شال بقیہ 9

حکومت گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی میں گہری دلچسپی رکھتی ہے اور مستقبل قریب میں گلگت بلتستان پاکستان کا معاشی حب بنے گا۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان سی پیک منصوبے کا اہم کیمپ ہے جس سے گلگت بلتستان بھرپور انداز سے مستفید ہو گا۔ ملاقات میں گلگت بلتستان میں جاری پائپ لائن منصوبوں، سڑکوں کی تعمیر،سیاحت،معدنیات،تعلیم اور صحت کے شعبوں سے متعلق تفصیلی بات چیت کی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان میں دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر کا آغاز موجودہ حکومت کی بہت بڑی کامیابی ہے جس سے نہ صرف سستی بجلی کی فراہمی ممکن ہوگی بلکہ رائلٹی کی صورت میں گلگت بلتستان کو اربوں روپے کی آمدن بھی ممکن ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت گلگت بلتستان میں سڑکوں کے جال کو بہتر بنانے کے لیے بھی کام جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ گلگت بلتستان کا باقی ملک سے سال کے تمام مہینے رابطہ قائم رہے اور سیاحت میں اضافہ ہو۔انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان کے تعلیم وصحت کے شعبے میں بھرپور کام کر کے ایک منظم منصوبہ بندی کر رہی ہے۔

شال بقیہ 10

جائے، بھارت کنٹرول لائن پر مسلسل شہری آبادی کو نشانہ بنا رہا ہے،پاکستان بھارت سے کہتا آرہا ہے یو این مبصر گروپ کو مقبوضہ کشمیر جانے کی اجازت دے۔ ترجمان دفتر خارجہ عائشہ فاروقی نے ہفتہ وار بریفنگ میں کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم جاری ہیں،جعلی مقابلے اور سرچ آپریشن جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کنٹرول لائن پر مسلسل شہری آبادی کو نشانہ بنا رہا ہے،پاکستان بھارت سے کہتا آرہا ہے یو این مبصر گروپ کو مقبوضہ کشمیر جانے کی اجازت دے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ روز انٹرنیشنل میڈیا کو ایل او سی کا دورہ کرایا۔کلبھوشن کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کلبھوشن کے حوالے سے پاکستان عالمی عدالت انصاف کے فیصلے کے تناظر میں کام کر رہا ہے۔

شال بقیہ 11

سے نوشکی جانے والی پک اپ گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد نے آمین آباد کے علاقے گالو میں فائرنگ کردی دو افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے ایک کی شناخت قدرت اللہ جبکہ دوسرے شخص کی شناخت کی جارہی ہے جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا تعلق نوشکی ضلع سے بتایا جاتا ہے مزید تفتیش مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 12

اعمال اللہ عزوجل کو بہت پسند ہیں،سرکار ﷺ عشرہ ذوالحج کے روزے رکھتے تھے،آپ ﷺ ذوالحج کے نو دن کے روزے پابندی سے رکھتے تھے۔ماہ ذوالحج کا ایک دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور ایک رات کا قیام شب قدر کے برابر ہے۔اس کے روزے گناہوں کو مٹادیتے ہیں جن سے ہوسکے ان ایام کے روزے رکھے البتہ دس، گیارہ، بارہ اور تیرہ ذوالحج کے روزے رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

شال بقیہ 13

پرنس الدین ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اورالائی کا تبادلہ کر کے انہیں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ڈیرہ اللہ یار اور رحمت اللہ عمرانی کا تبادلہ کر کے انہیں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ سیشن جج اورالائی جبکہ شیر احمد رند اسپیشل برانچ ہائی کورٹ ضیاء الرحمن اسپیشل سیشن جج استا محمد، محمد افضل اسپیشل سیشن جج سریاب، عبدالباسط اسپیشل سیشن جج سبی محمد عمر کاکڑ اسپیشل سیشن جج نوشکی، محمد اسماعیل اسپیشل سیشن جج IV کوئٹہ، تصور پرویز اسپیشل سیشن جج ژوب، انس گل جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج چلاک ,سلیم اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ II اسپیشن جج سبی، محمد نعیم جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج مسلم باغ محمد اسد جوڈیشل مجسٹریٹ IV اسپیشن جج پشین محب اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ سیشن جج زیارت، شرینہ داوڑ، جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج مچھ، سمیعہ نسرین جوڈیشل مجسٹریٹ سیشن جج XII کوئٹہ، ہمی آصف، جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج برشور بمقام پشین محمد ہارون جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج سریاب، سمیع اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج تال ،امجد خان، جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج ڈیرہ مراد جمالی، عنایت اللہ بزنجو جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج نوشکی، پراسہ نور جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج حب ,محمد شبیر جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج گنداخہ، محمد حنیف جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج قلات ,بشیر احمد جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج گنداواہ بمقام استا محمد، غلام مصطفیٰ جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج واشک دین کلیم اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج گوادر، عبدالستار سند رانی جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج سوراب، عزیت اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج کوہلو، سعید پروین جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج بارکھان، محمد حنیف جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج قلات، ہدایت اللہ جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج لورالائی، اسپیشن برانچ ہائی کورٹ بلوچستان محمد اکرم جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج کرخ، افتخار احمد ولد محمد یوسف جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج ڈھاڈر، عبدالخالق سول جج II کوئٹہ، اسداللہ اچکزئی جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج پسنی، اختر شاہ سول جج V کوئٹہ، روزی خان ولد عبدالمجید جوڈیشل مجسٹریٹ اسپیشن جج ڈیرہ اللہ یار ،علی بیگ جوڈیشل مجسٹریٹ IX اسپیشن جج کوئٹہ، افتخار احمد جوڈیشل مجسٹریٹ II اسپیشن جج کوئٹہ، اور فائزہ ہشتادر سول جج چلاک تعینات کر دیا گیا ہیں۔

شال بقیہ 14

کو شمالی کوریا کے طرز حکمرانی کی طرف دھکیل رہا ہے ساتویں این ایف سی ایوارڈ کے فارمولے کے دفاع کیا جائے گا سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے جاری کردہ پیغام میں نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ پاکستان کو شمالی کوریا کے طرز حکمرانی کی طرف دھکیل رہا ہے جہاں گورننس کو تحت نظم وضبط میں تبدیل کیا جائے انہوں نے کہا کہ ہمیں دیکھنا ہوگا کہ ساتویں این ایف سی ایوارڈ کے تیار کردہ فارمولے کیلئے اسٹیبلشمنٹ کی حالیہ حملوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی دفاع کیسے کیا جائے۔

شال بقیہ 15

سے متاثرہ افراد کی تعداد 11523 ہوگئی ہے جبکہ مزید 233 افراد کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 9818 ہوگئی جبکہ اس وقت صوبے میں کورونا وائرس کے 1569 مریض زیر علاج ہیں۔

شال بقیہ 16

کیا گیا۔یو اے ای وزیر نے بے روزگار پاکستانیوں کے معاملے پر تعاون کی یقین دہانی کرادی،دونوں ملکوں کے درمیان بین الوزارتی تعلقات مزید مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا۔زلفی بخاری نے پاکستان سے بروقت تعاون پر یو اے ای وزیر سے اظہار تشکر کیا۔زلفی بخاری نے کہا کہ مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دینے پر یو اے ای کا شکریہ ادا کرتے ہیں،پاکستان برادر ملک ہے،تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جائیگا۔ یو اے ای وزیر نصیر بن ثانی نے کہا کہ پاکستانی لیبر کا تحفظ اور روزگار کو یقینی بنایا جائے گا۔

شال بقیہ 17

میں نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر اور وفاقی وصوبائی حکومتوں کی مشترکہ کاوشیں شامل ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے این سی او سی کے منعقدہ اجلاس سے بحیثیت میزبان خطاب کرتے ہوئے کیا، وفاقی وزیر اسد عمر، نیشنل کوآرڈینیٹر این سی او سی لیفٹیننٹ جنرل حمود الزمان اور دیگر متعلقہ سول وعسکری حکام اجلاس میں شریک تھے جبکہ دیگر صوبوں کے حکام نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی، اس موقع پر وفاقی وزیر اسد عمر نے بلوچستان میں کورونا وائرس کی صورتحال کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے اس حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے قائدانہ کردار، وژن اور صوبائی حکومت کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا، اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ کورونا وائرس کا چیلنج پوری دنیا کے لئے بہت بڑا ہے جس سے نمٹنے کے لئے ہمارے اداروں نے دن رات محنت کی اور ان اداروں کے اہلکار اس سے متاثر بھی ہوئے اور شہید بھی ہوئے جنہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

شال بقیہ 18

کے وزیر فواد چودھری نے بڑے طمطراق سے گزشتہ شب چاند کو دیکھ کر کہا کہ عوام خود فیصلہ کریں، یہ دوسری تاریخ کا چاند ہے اور پھر لبرل میڈیا نے اس پر تبصروں کی لائن لگادی۔ دین اسلام اور قرآن وسنت میں تو یہ کہیں بھی نہیں بتایا گیا کہ نئے چاند کا سائز اور مطلع پر اس کا ٹائم دیکھ کر قمری تاریخ کا تعین کیا جائے گا، نہ یہ فلکیات کی کسی کتاب میں لکھا ہے، یہ فواد چودھری کی جہالت ہے جو اپنے آپ کو سائنس کا امام سمجھتا ہے۔ قمری مہینے کی 29 تاریخ کو اگر چاند غروب آفتاب کے بعد کچھ دیر کے لیے سائنسی اعتبار سے مطلع پر موجود ہے، لیکن وہ قابل رویت نہیں ہے اور نظر نہیں آیا تو مہینہ 30 کا قرار پائے گا، مگر اگلی شام تک اس کی عمر 24 گھنٹے بڑھ جائے گی، لہٰذا وہ مطلع پر نسبتاً زیادہ دیر رہے گا اور اس کا سائز بھی نسبتاً بڑا ہوگا، لیکن وہ پہلی تاریخ ہی کا چاند ہوگا، اس پر ہم اپنی کتاب میں تفصیل کے ساتھ لکھ چکے ہیں۔

شال بقیہ 19

کو قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی کوشش کو ناکام کر دیا۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ طالبان دہشتگرد، بھارتی پائلٹ، بی آر ٹی، بلین ٹری اور پوسٹ آفس میں ہونے والی کرپشن کو پی ٹی آئی نے ایمنسٹی دی، آٹا، چینی اور پیٹرول میں ہونے والی کرپشن کو بھی پی ٹی آئی نے ایمنسٹی دی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اب پی ٹی آئی بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کو ریلیف فراہم کرنا چاہتی ہے۔

شال بقیہ 20

کری۔ جمعرات کو تحریک مشیر پارلیمانی امور بابر اعوان نے پیش کی، پارلیمانی کمیٹی 24 ارکان پر مشتمل ہوگی، پارلیمانی کمیٹی سینیٹ سے پاس نہ ہونے والے بلز پر مشاورت کرے گی، اسپیکر کو پارلیمانی کمیٹی کے قیام کا اختیار ہوگا۔

شال بقیہ 21

ئی ہے کہ کسی بھی میڈیا چینل، کسی بھی اینکر کے پروگرام یا عوامی جلسے میں مناظرہ کرلیں ہم قوم کے سامنے آپ کو آئینہ دکھانے کیلئے تیار ہیں، بلاول بھٹو نے پارلیمان میں بحث کرنے کے بجائے بھاگنے کو ترجیح دی، جن کے ساتھ آج کل بلاول کا محبت کا رشتہ ہے، عالمی عدالت انصاف میں انہوں نے جو بیان دکھایا اور بھارت نے پھر اس بیان کو اپنے حق میں استعمال کیا وہ اس وقت کے وزیراعظم نواز شریف کا تھا، عالمی عدالت انصاف کے فیصلے کے تحت ضرورت کے تحت پاکستانی قانون کے مطابق اگر پاکستان کی بہتری کے لیے قانون سازی کی گئی تو اسے متنازع بنایا جارہا ہے۔

شال بقیہ 22

کیا تھا ان کا کہنا تھا کہ چیئرمین نیب استعفیٰ دیں اور گھر جائیں۔

شال بقیہ 23

سال کے اہداف کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، بلوچستان، خیبرپختونخوا، پنجاب میں انٹرنیٹ سروس کی فراہمی وبہتری کیلئے مختلف منصوبوں کی پیشرفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں انضمام شدہ علاقوں میں انٹرنیٹ کی سہولت کی فراہمی سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ یو ایس ایف کی جانب سے انٹرنیٹ سروسز کی بہتر فراہمی کیلئے فائبر آپٹک بچھانے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، گزشتہ 2 سال میں 1800 کلومیٹر طویل فائبر آپٹک بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں میں بچھائی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس سال 547 یونین کونسلوں میں 4600 کلومیٹر فائبر آپٹک بچھائی جائے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ اس مقصد کے لئے بھی انٹرنیٹ کی وسیع کوریج اور آسان دستیابی نہایت ضروری ہے، اسکولوں میں انٹرنیٹ کی آسان اور سستی فراہمی سے متعلق ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں خصوصاً بلوچستان، انضمام شدہ علاقوں، سندھ کے دوردراز علاقوں میں انٹرنیٹ فراہمی اور بہتر کوریج پر توجہ دی جائے۔

شال بقیہ 24

کرتے ہوئے عدالتوں میں پیش نہیں ہوئے۔ وکلا ہڑتال کے باعث سائلین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

شال بقیہ 25

انفرا اسٹرکچر بنانے اور ایک ماہ میں نیب رولز بنا کر پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ جمعرات کو عدالت عظمیٰ میں چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے لاکھڑا پاور پلانٹ کی تعمیر میں بے ضابطگیوں سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس نے احتساب کے ادارے کے سربراہ کو مذکورہ کیس کا تفتیشی افسر تبدیل کرنے کا حکم دیتے ہوئے ریمارکس دیے کہ نیب میں تفتیش کا معیار جانچنے کا کوئی نظام نہیں ہے۔

شال بقیہ 26

سے کتنے عام شہری تھے اور کتنے طالبان کے رکن تھے۔ طالبان کے ترجمان قاری محمد یوسف احمدی نے ایک بیان میں کہا کہ ہرات میں دو فضائی حملوں میں 8 شہری ہلاک اور 12 زخمی ہوگئے۔ دو مقامی عہدیداروں نے بھی تصدیق کی کہ وہاں دو مرتبہ ہوائی حملے ہوئے۔ قاری محمد یوسف احمدی نے کہا کہ اس طرح کے حملوں سے حال ہی میں رہا ہونے والے قیدی جو معمول کی زندگی گزارنے کے خواہشمند ہیں، ایک بار پھر دشمن کے خلاف ہتھیار اٹھانے پر مجبور ہوجائیں گے۔

شال بقیہ 27

جبکہ رہی سہی کسر بجلی کی لوڈشیڈنگ نے پوری کردی ان خیالات کا اظہار انہوں نے زمینداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ملک نصیر احمد شاہوانی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے ملک بھر بالخصوص بلوچستان میں لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے حوالے سے دعوے سوشل میڈیا تک محدود ہے بدقسمتی سے بلوچستان میں دیہی علاقوں میں اٹھارہ سے بیس گھنٹے لوڈشیڈنگ جبکہ شہری علاقوں میں بارہ سے اٹھارہ گھنٹے لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے بجلی کے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے نہ صرف عوام کی قیمتی مشینری جل رہی ہے بلکہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی بڑے پیمانے پر مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے بلوچستان میں گزشتہ دو سے تین ماہ میں ٹڈی دل نے فصلات اور باغات کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔

شال بقیہ 28

کے اجلاس میں اس وقت اپوزیشن کے ارکان اپنی نشستوں سے اٹھ کر کھڑے ہوگئے، جب ایوان کی کارروائی کی صدارت کرنے والے پینل آف چیئر کے رکن امجد خان نیازی نے وزیر انچارج برائے قانون وانصاف کو آرڈیننس پیش کرنے کی ہدایت کی تو اس دوران ہی اپوزیشن کے ارکان کھڑے ہوگئے اور نعرے بازی شروع کردی۔ مسلم لیگ (ن) کے رکن اسمبلی خواجہ آصف نے نے آرڈیننس پر بات کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف نے کہا کہ کل تک بھارتی جاسوس کلبوشن کی وجہ سے ہم پر مودی کے یار کے الزامات لگتے تھے کلبوشن پاکستان میں دہشتگردی کرتا رہا ہے، اب کیوں کلبوشن کو سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، وزیراعظم بتائیں اب پاکستان کی غیرت کا سودا کیوں کیا جارہا ہے، یہ قانون قبول نہیں، کلبوشن پاکستان کا دشمن ہے، عالمی دباؤ میں آکر یہ کیا ہو رہا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ قانون سازی کر کے کلبھوشن کو کیوں رعایت دی جارہی ہے، ہمارے لئے تو کلبھوشن کو گالی بنادیا گیا تھا آج کون ان کے آگے سجدہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کیوں ایک بھارتی جاسوس کی سہولت کار بنی ہوئی ہے۔

شال بقیہ 29

عبدالحکیم لاسی ایدھی رضا کاروں اور DSP اوتھل سرکل سید تنویر شاہ، ڈیوٹی آفیسر محمد علی شیخ محمد ہاشم شاہوک اور دیگر کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچے۔ تو وہاں ایک کئی روزہ پرانی گلی سڑی نا قابل شناخت نعش موجود تھی۔ ایدھی انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی کے مطابق نعش دس روز سے زائد پرانی لگتی ہے۔ انہوں نے نعش DHQ ہسپتال اوتھل منتقل کی لاش کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی تھی۔

شال بقیہ 30

گزشتہ آٹھ ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ سی پی پی اے حکام نے کہا کہ حکومت نے 30 جون تک بجلی ٹیرف میں اضافے سے روک دیا تھا۔ چیئرمین نیپرا نے کہا کہ حکومت کی ہدایت پر نیپرا نے بھی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ اور سہ ماہی اضافے کے درخواستوں کی سماعت نہیں کی۔

شال بقیہ 31

لی شام زیارت اور پشین لیویز نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے پشین کے علاقے کلی تورہ شاہ سے دونوں مغوی بچوں کو بازیاب کر کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ بازیاب ہونیوالے بچوں کے والد جلات خان نے بتایا کہ 13 جولائی کو تین افراد محمد عیسی مصالح اور ساتھی نے انہیں باندھ کر بچوں کو اپنے ساتھ لے گئے۔

شال بقیہ 32

برادران کی ضمانت پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اے پی سی کے حوالے سے پیشرفت جاری ہے اور عیدالاضحیٰ کے بعد اے پی سی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ میری طبیعت پہلے سے بہتر ہے، میں عدالتوں کا احترام کرتا ہوں، میری اور وکلا کی منتظر رہتے ہیں کہ میں عدالت آؤں، مجھے عدالتوں اور اللہ کی بارگاہ سے امید ہے کہ انصاف ملے گا۔

شال بقیہ 33

حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ کالج اساتذہ کا فروغ تعلیم میں انتہائی اہم کردار ہے محکمہ تعلیم کالجز میں سہولیات کی فراہمی اور پروفیسرز کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھا رہا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں گے۔

شال بقیہ 34

انہوں نے کہا کہ ہم نے ذاتی مفادات کے لیے سیاست میں قدم نہیں رکھا ہے ورنہ بی این پی میں ذاتی مفادات رکھنے والے ایک ماہ بھی گزارہ نہیں کر سکتے ہیں ہماری سیاست عوامی مفادات اور علاقائی مفادات کے لیے ہے ہم نے جب محسوس کیا کہ عوام کو نظرانداز کیا جارہا ہے ہم نے اپنا احتجاج ریکارڈ کرنا شروع کردیا۔

شال بقیہ 35

دشوار علاقوں کے عوام کو بنیادی مسائل درپیش ہیں حل ہوتے تنظیم کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامک ریلیف پاکستان کے ایریا پروگرام منیجر عیسیٰ طاہر سنجرانی کی جانب سے ہرنائی میں واٹر انیم رسیلینس دوسالہ ترقیاتی پروگرام ضلع ہرنائی میں شروع کرنے کے حوالے سے بریفنگ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسلامک ریلیف پاکستان سینئر انجینئر احتشام کیہدانی، سینئر فنانس آفیسر سید نصیب اللہ، سینئر سپلائی چین آفیسر حفیظ بلوچ اور ایڈ ویسی آفیسر رضوان کاسی، ہرنائی کے محمد علی دمڑ اور دیگر بھی موجود تھے ایریا پروگرام منیجر عیسیٰ طاہر سنجرانی نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ اسلامک ریلیف پاکستان کی جانب سے ضلع ہرنائی میں دوسالہ ترقیاتی پروگرام میں واٹر ریسورس مینجمنٹ، زراعت، لائیوسٹاک اور پروٹیکشن سے متعلق ترقیاتی سکیمیں پروگرام پر حکومت متعلقہ اداروں اور کیمونٹی کی مشاورت سے عمل درآمد کیا جائے گا۔

شال بقیہ 36

اسکول ایسوسی ایشن بلوچستان محمد نواز پندرانی حافظ نعمت اللہ خان کاکڑ پر مشتمل وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں پرائیویٹ سکولز پاکستان کو درپیش مسائل پیش کئے گئے بالخصوص بلوچستان کے مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی گئی وفد نے چیئرمین سینیٹ کو اپنے مطالبات بھی پیش کئے اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے وزیراعلیٰ اور وزیر تعلیم سے رابطہ کر کے مسائل کے حوالے سے آگاہ کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ دریں اثناء وفد نے وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود سے بھی ملاقات کی اور انہیں پرائیویٹ اسکولوں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود کہا کہ پاکستان بھر کے کم آمدنی والے نجی تعلیمی ادارے جن مسائل کا شکار ہیں حکومت وقت ان کی مالی مدد بھی کرنا چاہتی ہے اور ان کو مکمل طور پر ان مسائل سے آگاہ بھی ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ نجی شعبہ تعلیم نے پاکستان میں شرح خواندگی بڑھانے کے حوالے سے اپنا ایک اہم کردار ادا کیا ہے لہذا ہم نجی تعلیمی اداروں کی مشکلات کو کم کرنا چاہتے ہیں اسی لیے حکومت نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ان تعلیمی اداروں کی مالی معاونت کا پروگرام بنانے کا بھی کہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بورڈز نے جو شیڈول رجسٹریشن کا جاری کیا ہے اور میٹرک کے نتائج کے بعد طلباء کو مارک شیٹس وصول کرنے اور کالجز میں داخلے کے لیے جن دستاویزات کی درکار ہوں سے ضرورت ہے اس کو کو حاصل کرنے کی اجازت دینے کا پروگرام بنالیا گیا ہے۔

شال بقیہ 37

اور وفاق کی حکومت میں کوئی اختلاف نہیں ہم ایک پیج پر عوام کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں صوبے کو وفاق نے ترقیاتی منصوبوں کیلئے وفاقی پی ایس ڈی پی میں اربوں کے فنڈز فراہم کیئے ہیں جس سے صوبے کی پسماندگی کا خاتمہ ہوگا اور روزگار سمیت ترقی وخوشحالی کا نیا دور شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ ملک میں مافیاز کے خلاف حکومت جنگ جیت جائیگی اور ملک عوام دشمن قوتوں کو شکست ہوگی انہوں نے کہا کہ پی پی پی اور مسلم لیگ ن حکومت کے خلاف کسی صورت تحریک شروع نہیں کرسکتے ان دونوں جماعتوں میں کسی بھی ایشو پر کوئی اتفاق اب تک نہیں ہے یہ مفاد پرست عوام کا کندھا استعمال کرنے کیلئے سازشیں کر رہے ہیں لیکن عوام اب انکے جال میں کبھی نہیں پھنسیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی مدت پوری کریگی اور اپوزیشن نئے الیکشن تک انتظار کریں۔

شال بقیہ 38

کہ وہی ملک کو معاشی، سیاسی، انتظامی بحرانوں سے نکال سکتی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو مسلم لیگ (ن) کے مرکزی جنرل سیکرٹری احسن اقبال سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملک اور بالخصوص بلوچستان کی سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ہر دور میں عوام کی خدمت کی اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا موجودہ حکومت نے ملک کو بحرانوں کی دلدل میں دھکیل دیا ہے ملک میں مہنگائی، لوڈشیڈنگ، بدامنی، بے روزگاری، ذخیرہ اندوزی سمیت دیگر مسائل عروج پر ہیں معیشت کو تباہ کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 39

نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صحت کے شعبہ کا مسئلہ عمارتوں کا نہیں بلکہ خدمت کے شعبہ (Services) کا ہے جو انتہائی کم بجٹ میں فراہم کئے جاسکتے ہیں ہر ضلع کی سطح پر ہسپتالوں میں لیبارٹریوں ایکسرے مشاورت اور راہنمائی کا مکمل فقدان ہے اس دفعہ بھی بجٹ میں عمارتیں ہی عمارتیں ملیں گی پورے بلوچستان کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی یا اپنی خدمات وفرائض کی ادائیگی میں عدم دلچسپی ایک اہم مسئلہ ہے جب تک جامع منصوبہ ڈاکٹروں کی سہولیات سے متعلق اور پرائیوٹ پریکٹس کو ریگولیٹ کرنے اور سخت عملدرآمد کا نہیں بنایا جاتا صوبہ کے غریب عوام کے مسائل کم نہیں ہونگے۔

شال بقیہ 40

جائے، نامعلوم پیسے کے زور پر مذہبی عقائد میں بگاڑ اور بیرونی ایجنڈوں کی تکمیل کی مہم متواتر جاری ہے، حکومتی کانفرنسوں میں امن کے گیت گانے والے معاشرے میں کھلم کھلا فساد کے بیج بوتے ہیں۔اگر سینئر صحافی میر شکیل الرحمن کو 35 سال پرانے کیس میں ضمانت نہیں مل رہی مذہب کے نام پر جائیداد بنانے والوں کیلئے عام معافی کیوں ہے؟ پاک فوج اور عوام نے دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے انمول قربانیاں دیں انہیں مصلحتوں کے بازار کی نذر نہ کیا جائے، سونا چاندی جمع کرنے والوں کیخلاف اور غریبوں کے حقوق کیلئے حضرت ابوذر غفاری کی قلندرانہ صدا آج بھی زمانے میں گونج رہی ہے،5 ذوالحجہ کو پاکیزہ صحابہ کبار کی عظمت ورفعت اجاگر کرنے کیلئے یوم صحابیت منایا جائے گا۔

شال بقیہ 41

تھا اسی طرح ڈائریکٹر ایجوکیشن کا بھی ڈائریکٹر سمیت عملہ غیر حاضر پایا گیا جس میں کمشنر ژوب ڈویژن نے سخت برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ لوگوں کی تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے غیر حاضر آفیسران اور اسٹاف کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حکم جاری کرتے ہوئے ان کی تنخواہ سے کٹوتی کا حکم دیا۔ کمشنر ژوب ڈویژن کے ہمراہ ڈویژنل فوکل پرسن ڈاکٹر فرحان ،ڈویلپمنٹ آفیسر ڈاکٹر اللہ وجہ، ڈسٹرکٹ آئی ٹی آفیسر حکیم خان، محکمہ انفارمیشن محمود بلوچ اور دیگر آفیسران موجود تھے۔ کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا کہ ڈویژن کے تمام ضلعوں کے سرکاری دفتروں کو فعال کیا جائے گا، ڈیوٹی نہ دینے والے آفیسران اور اسٹاف کو فارغ کیا جائے گا۔

شال بقیہ 42

کر دیا ہے وہ گزشتہ طویل عرصے سے سوشل میڈیا کے ذریعے کرپٹ عناصر اور علاقے کے عوامی مسائل اجاگر کر رہے تھے۔

شال بقیہ 43

سے لدے ٹرک کے خفیہ خانوں سے 6600 کلو گرام چھالیہ، 500 کلو گرام کورہ ماسکہ برآمد کر لیں ،جبکہ لکپاس کے مقام پر ایک ٹرک سے بڑی تعداد میں غیر ملکی سگریٹ برآمد کرلی گئیں کسٹم حکام کے مطابق برآمد شدہ اشیاء اور ٹرکوں کی مالیت دو کروڑ روپے کے قریب ہے تاہم کارروائیوں میں کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی۔

شال بقیہ 44

سیاسی جماعتیں بلوچستان دوستی کا ثبوت دیں گی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو اپنے ایک بیان میں کہی، آغا عمر بنگلزئی نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے بلوچستان کی عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ بلوچستان کی نمائندگی کو بہتر اور صوبے فیصلوں میں عوام کی رائے کو فوقیت دیں گے انہوں نے روز اول سے ہی صوبے کی نمائندگی کو بہتر کرنے کے لیے کوششوں کا آغاز کیا جنکے ثمرات کا پہلا قدم سینیٹ سے بلوچستان اسمبلی کی نشستوں میں اضافے کا بل منظور ہونا ہے انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کے بلوچستان سے ہونے کی وجہ سے بھی صوبے کی نمائندگی اور مسائل کی آواز وفاق میں بہتر انداز میں اجاگر کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 45

کیا۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما محمد عبد القادر نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنیات سے مالا مال خطہ ہے تاہم محرومیوں کی دلدل میں گھرا رہا ہے۔

شال بقیہ 46

اناری ڈگی ،امیر جان ولد شاہ نواز خان اور عبدالمنان ولد محمد رفیق ڈسٹرکٹ اٹارنی آفس کوئٹہ میں تعینات کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 47

فوری طور پر ختم کرنے کے جائیں گے۔اس سلسلے میں تمام ٹرانسپورٹرز انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں بڑی گاڑیوں کے داخل ہونے کی وجہ سے ٹریفک کے شدید مسائل درپیش ہیں اس کے روک تھام کے سلسلے میں بلیلی چیک پوسٹ ،میاں غنڈی چیک پوسٹ اور ورخشاں چیک پوسٹ پر تمام مال بردار گاڑیوں کو دن کے اوقات میں روکا جائے گا جبکہ رات 10 بجے کے بعد بڑی گاڑیوں کو شہر میں داخلے کی اجازت ہوگی۔خلاف ورزی کی صورت میں گاڑی بند کردیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ شہر میں ٹریفک کے نظام میں بہتری اور ٹریفک جام کے مسئلہ سے نمٹنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔

شال بقیہ 48

قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

شال بقیہ 49

روز چیئرمین تعمیر نو ٹرسٹ جناب عبدالخالق جمالی اور سیکرٹری غلام حسین جمالی کی موجودگی میں پروفیسر عابد مقصود نے پرنسپل کا چارج سنبھال لیا۔

شال بقیہ 50

صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی، مقامی زمینداران میر سبز علی خان عمرانی، میر اسفند یار جمالی، غلام نبی عمرانی، میر سکندر خان جمالی، میر زمان خان عمرانی، میر ذاکر حسین کھچوائی، ڈی ایف او سمندر خان کھوسہ، عبدالسلام سنگولی، عابد علی، غلام سرور شریک تھے تربیتی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی، صوبائی سیکرٹری جنگلات وجنگلی حیات ڈاکٹر محمد سعید جمالی نے کہا کہ بلوچستان میں شجرکاری مہم کو تیز کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں شجرکاری مہم میں تمام زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی آگے آنے کی اشد ضرورت ہے حکومت جنگلات کے فروغ کے لیے زمینداروں سے خاص تعاون کو یقینی بنا رہی ہے حکومت کے ان اقدامات سے کاشتکار طبقہ براہ راست مستفید ہونگے چھوٹے بڑے اور درمیانے کاشتکاروں کے لیے ہنگامی بنیادوں پر نرسریوں کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تاکہ لاکھوں کی تعداد میں پودے کاشتکاروں میں بلا معاوضہ تقسیم کئے جاسکیں ہمیں جنگلات کی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ ہماری اور جانداروں کی بقا سالمیت وابستہ ہے۔

شال بقیہ 51

سرکاری ونجی عمارتوں پر چراغاں اور سبز ہلالی قومی پرچم لہرائے جائیں گے جبکہ تاج لالاخت ہال اسٹیڈیم میں شاندار آتش بازی کا مظاہرہ کیا جائیگا عوام گھروں میں رہ کر آتش بازی کا رنگ ونور دیکھ سکیں گے انہوں نے کہا کہ جشن آزادی کے حوالے سے مرکزی تقریب کا انعقاد ریسٹ ہاؤس پشین میں منعقد کیا جائیگا ڈسٹرکٹ میں یوم آزادی کے موقع پر دکانوں کی بہترین سجاوٹ کرنیوالے دکانداروں کو انعامات بھی دیے جائیں گے۔

شال بقیہ 52

مہم کو تیز کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں شجرکاری مہم میں تمام زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی آگے آنے کی اشد ضرورت ہے حکومت جنگلات کے فروغ کے لیے زمینداروں سے خاص تعاون کو یقینی بنا رہی ہے۔

شال بقیہ 53

عمرانی تحصیلدار محمد بلوچ نیجر رسالدار علی اکبر مینگل لائن آفیسر جان محمد لانگو کے ہمراہ مکمل کا دورہ ممتاز قبائلی رہنما میر محمود لانگو کے گھر آمد پر پرتکلف ظہرانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر قلات نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ قلات ایک پرامن علاقہ ہے۔

شال بقیہ 54

رمضان لانگو، ماما خان محمد بجاری، ترجمان عنایت اللہ بابر، ڈاکٹر ذوالفقار علی بجاری، قدرت زیب لانگو، ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر نصر اللہ لانگو ایک تجربہ کار اور مخلص آفیسر ہے موصوف کی ڈی ایچ او قلات تعینات ہونا خوش آئندہ اقدام ہے امید ہے کہ وہ اپنے تجربات سے استفادہ کر کے قلات میں صحت کی سہولیات کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے ہوئے اپنے فرائض منصبی ایمانداری مخلصی سے سرانجام دیں گے ہم انہیں اخلاقی تعاون کی مکمل یقین دہانی کراتے ہیں ہم ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کو ضلعی آفیسر صحت قلات تعینات ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

شال بقیہ 55

انہیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

شال بقیہ 56

اہی گزشتہ 30 سال سے وابستگی مگسی چینل گنداواہ کے ساتھ رہی ہے اور انشاء اللہ آگے بھی رہے گی چینل کیوجہ سے مجھے جو عزت ملی ہے اسکا کوئی نعم البدل نہیں میں نوبزادہ خالد خان مگسی نوبزادہ طارق خان مگسی اور ہردلعزیز شخصیت میر محمد اسلم خان مگسی صاحب کی قیادت پر ہمیشہ مکمل اتفاق کرتا ہوں اور میں نے اپنی زندگی میں کسی اور پارٹی میں نا رہا ہوں اور نا آج تک نا سوچا ہے میں نے اور مگسی چینل نے ہمیشہ ایک دوسرے کا ساتھ بخوبی نبھایا ہے۔

شال بقیہ 57

خادم حسین، صابر علی، محمد اقبال، ودیگر موجود تھے خیر جان بلوچ نے مزید بتایا کہ ہماری منشیات کے خلاف جدوجہد جاری ہے منشیات ایک ناسور ہے جو کہ ہماری نوجوان نسل کو تباہ کر رہی ہے ایکسائز پولیس اوستہ محمد جعفر آباد دن رات ایک کر کے منشیات فروشوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کر رہی ہے اوستہ محمد کو منشیات فروشوں کا گزرگاہ ہرگز بننے کی اجازت نہیں دی جائیگی منشیات نے ہم سے قیمتی جانیں چھینی ہیں یہ ایک انسان دشمن عادت ہے جسے پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے اوستہ محمد کے شہریوں سے بھی ہم یہی درخواست کرتے ہیں کہ اگر انہیں کسی جگہ بھی منشیات فروشوں کے اڈے یا معلومات ان کے متعلق کوئی بھی خبر ہو وہ ہمیں اطلاع دیں ہم کسی قسم بھی رعایت کیئے بغیر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرینگے کیونکہ یہ ناسور ساری انسانیت کا دشمن ہے۔

شال بقیہ 58

ایک کروڑ پودے لگانے کا ٹارگٹ ہے صوبائی سیکریٹری جنگلات سعید احمد خان جمالی کی میڈیا سے بات چیت۔صوبائی سیکریٹری فاریسٹ بلوچستان سعید احمد خان جمالی کی سربراہی میں نصیرآباد میں بھی شجرکاری مہم کے حوالے سے علاقے کے زمینداروں میں اویرنیس پیدا کرنے کے لئے ایک روزہ شراکتی ورکشاپ سرکٹ ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد ہوا اور ورکشاپ کے دوران صوبائی سیکریٹری فاریسٹ بلوچستان سعید احمد خان جمالی نے خود پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا اور علاقائی زمینداران سے بھی شجرکاری کرائی۔ ورکشاپ سے خطاب کے دوران انکا کہنا تھا کہ تمام زمینداروں سے بھرپور تعاون کی امید ہے نصیرآباد گرین بیلٹ کی حیثیت تو رکھتا ہے مگر شجرکاری کر کے اس کے حسن میں اور بھی اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

شال بقیہ 59

تبدیلی کے نام پر ووٹ دیا تھا لیکن لوگوں کو رسوائی اور مایوسی کے علاوہ کچھ نہیں ملا حکومت مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔

شال بقیہ 60

بی اے پی خالق آباد عنایت اللہ بابر، میر سرفراز بجاری، محمد علی لانگو، ڈاکٹر ذوالفقار علی بجاری، بابو جمعہ خان بجاری، ضمیر احمد بجاری، عبدالقدیر بجاری، عبدالروف بجاری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ قلات ضلع میں بے شمار ترقیاتی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی ذاتی دلچسپی کے باعث قلات ضلع میں سڑکوں کا جال بچھایا جارہا ہے قلات شہر، قلات اسکلکو، قلات پندران، قلات نیچارہ، قلات شہر کے تمام سڑکوں کی ازسرنو تعمیر جاری ہے صرف سڑکوں پر کروڑوں روپے کی خطیر رقم خرچ ہو رہی ہے جس سے عوام کو آمدورفت میں سہولت میسر ہوگی اس کے علاوہ شہر اور گلیوں کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا اس کے علاوہ دیگر ترقیاتی اقدامات بھی اٹھائے جارہے ہیں جن میں تعلیم صحت آبنوشی ودیگر ترقیاتی اسکیمات شامل ہے۔

شال بقیہ 61

تبدیلی کرنا ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ حکمران یاد رکھیں انتقام کے بل پر نظام نہیں بدلے گا،میاں حمزہ شہباز شریف کو فوری رہا کیا جائے۔ انتقامی سیاست بھرا کر حکومت اور ریاست کو راس نہیں آئی گی۔ پی ٹی آئی کا طرز سیاست ریاست کی سالمیت اور اس کے قومی مفادات کیلئے خطرناک ہے۔ وہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ رانا اعجاز اور میاں زید احمد نے مزید کہا کہ حکمران جماعت کے اندر جمہوریت نہیں بادشاہت ہے، ناتجربہ کار عمران خان کو محض بلند بانگ دعووں کی بنیاد پر وزیراعظم بنادیا گیا۔

شال بقیہ 62

دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد عمل درآمد کو یقینی بنائیں قمار بازی اور منشیات کے اڈوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی سماج دشمن عناصر سے قانون کے آہنی شکنجے سے نمٹا جائے گا پولیس عوام کی خادم اور محافظ ہے کم عمر اور لائسنس نہ رکھنے والے سائیکل موٹر اور آٹو رکشا چلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

شال بقیہ 63

عبدالروف مینگل سٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد بخش مینگل سابقہ تحصیل صدر میر محمد صادق غلامانی عبداللطیف مینگل ودیگر رہنماؤں نے جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر سابقہ ایم این اے مولانا قمر الدین کے فرزند کے انتقال پر ان کے گھر جاکر فاتحہ خوانی وتعزیت کی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے ہندو تاجر نانک چند کے لواحقین پریکا چند بجن لال جواری لال چوہدری چندر کمار سے ہندو محلہ جاکر تعزیت کی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابقہ ایم این اے میر عبدالروف مینگل میر محمد صادق غلامانی عبداللطیف مینگل ودیگر رہنماؤں نے بی این پی ضلع خضدار کے فنانس سیکرٹری حاجی حضور بخش گرگزی کے فرزند کے انتقال پر ان کے گھر گرگزی جاکر فاتحہ خوانی وتعزیت کی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابقہ ایم این اے میر عبدالروف مینگل میر محمد صادق غلامانی عبداللطیف مینگل ودیگر رہنماؤں نے شعیب احمد محمد حسنی کے انتقال پر گزگی جاکر فاتحہ خوانی وتعزیت کی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، سابقہ ایم این اے میر عبدالروف مینگل میر محمد صادق غلامانی عبداللطیف مینگل ودیگر رہنماؤں نے حاجی رسول بخش تھوانی کے انتقال پر ان کے فرزند خدا بخش تھوانی سے ان کے گھر گزگی جاکر فاتحہ خوانی وتعزیت کی۔

شال بقیہ 64

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے لسبیلہ کے عوام کی زندگی کو مشکلات میں ڈال دیا ہے اور صوبائی حکومت کی ناقص کارکردگی کا پول کھول دیا ہے، وانگ کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ موجودہ دنوں میں لسبیلہ بھر کا درجہ حرارت 50 سینٹی گریڈ کو چھو جاتا ہے اس طرح کی شدید گرمی میں کے الیکٹرک اپنے ناقص کارکردگی سے انسانی جانوں سے کھیل رہی ہے جس کی وجہ سے عوام شدید کرب میں مبتلا ہیں۔

شال بقیہ 65

م منیجر عیسیٰ طاہر سنجرانی نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ اسلامک ریلیف پاکستان کی جانب سے ضلع ہرنائی میں دوسالہ ترقیاتی پروگرام میں واٹر ریسورس مینجمنٹ، زراعت، لائیوسٹاک اور پروٹیکشن سے متعلق ترقیاتی سکیمیں اور استعداد کاری سے متعلق پروگرام شامل ہیں۔

شال بقیہ 66

خالد بادینی کی قیادت میں پولیس ٹرک ڈرائیور اور کلینر کو بھی حراست میں لے کر ٹرک بھی اپنے قبضے میں لے لی زیر حراست میں لیے گئے کم عمر لڑکے بھی شامل ہیں۔

شال بقیہ 67

، وڈھ میں ہندو تاجر نانک چند پر دن دہاڑے فائرنگ اور قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ہندو تاجر کو قتل کرنا ہمارے اسلامی وبلوچی روایات کے خلاف ہے۔ اقلیتی برادری کو نشانہ بنانا گہری سازش ہے، دہشت گردی کے ناسور کیخلاف پوری قوم متحد ہوں۔

شال بقیہ 68

کا آغاز کردیا اسسٹنٹ کمشنر امجد حسین سومرو ایڈمنسٹریٹر شجاعت حسین لائیو اسٹاک کے ڈپٹی ڈائریکٹر شکیل الرحمن والائیو اسٹاک کے ڈاکٹر چنگیز بلوچ جہانزیب بلوچ حسن جان بلوچ مسعود بلوچ اسٹاک اسسٹنٹ جاوید بلوچ کمل مین اسحاق بلوچ میونسپل کمیٹی کے جاکر محمد حسنی ودیگر نے چتکان پنجگور کے مین ماڈل بکرا منڈی میں بکریوں پر اسپرے کر کے کانگو وائرس خاتمہ مہم کا آغاز کر دیا انہوں نے کہا ہے یہ وائرس جان لیوا ہے جو مال مویشیوں کو ہوتی ہے یہ جانوروں سے انسانوں تک منتقل ہوسکتا ہے انکی بہت سے نشانیاں ہیں بکریوں کی کانوں وجسم کے دیگر حصوں میں چھوٹے چھوٹے شے کی صورت میں کیڑے پائے جاسکتے ہیں اس کی وجہ سے مال مویشی بیمار ہوجاتے ہیں۔

شال بقیہ 69

حوالے سے تقاریب منعقد کئے جائینگے پشتون قومی تحریک میں چیئرمین جمال شاہ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھے جائینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نواں کلی گلستان یونٹ میں پارٹی کارکنوں اور یونٹ ذمہ داران سے بات چیت کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ 26 جولائی کو ملک اور بیرون ملک کی طرح یہاں صوبے اور تمام اضلاع میں اے این پی کی 36 ویں یوم تاسیس کے موقع پر تقریبات منعقد کئے جائینگے پارٹی کارکنان گھروں محلوں پارٹی دفاتر اور باچاخان مراکز پر لال پرچم لہرائیں گیاس دن کے مناسبت سے اے این پی کے لال پرچم تلے اور قیادت کے زیر سایہ جو اہداف حاصل کئے گئے پارٹی قائدین اس پر روشنی ڈالیں گے۔

شال بقیہ 70

ہوئے کیا۔ اس موقع پر عبدالحکیم محمد ہادی، سید آصف، ودیگر موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کے دعویدار، ایک کروڑ نوکریاں اور پچاس لاکھ گھر دینے والوں نے مہنگائی اور بیروزگاری میں اضافہ کر کے غریب عوام کے منہ سے آخری نوالہ بھی چھین لیا۔

شال بقیہ 71

بیوپاریوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کے مسائل حل کریں گزشتہ دنوں مشرقی بائی پاس میں پیش آنے والے واقعہ کی تحقیقات کر کے اصل محرکات کو عوام کے سامنے لایا جائے اور بیوپاریوں اور مویشی مالکان میں پایا جانے والا خوف وہراس اور بے چینی وبے یقینی کو دور کیا جائے ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈی آئی جی پولیس سے اپیل کرتے ہے پولیس کے غنڈہ گردی کے بھی نوٹس لے جو بیوپاریوں اور مویشی مالکان کو ناجائز اٹھا کر ان سے پیسے لے کر چھوڑ دیتے ہے۔

شال بقیہ 72

چھالیہ برآمد کرلیا کسٹم ذرائع کے مطابق کلکٹر کسٹم ڈاکٹر طاہر قریشی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کلکٹر علی حیدر نے ایک ٹیم تشکیل دی جس میں انچارج کھڈ کوچہ چیک پوسٹ سپرنٹینڈنٹ عبداللطیف شر انسپکٹر ایاز علی شاہ انسپکٹر اشتیاق احمد حافظ محمد یوسف حوالدار کرم الٰہی اور مشتاق موندرہ نے خفیہ اطلاع پر کوئٹہ سے کراچی آنے والی ٹرک سے دوران تلاشی ٹرک کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 245 کلوگرام چرس برآمد کرلیا جبکہ ایک اور کارروائی میں 3360 کلوگرام چھالیہ برآمد کرلیا منشیات اور اسمگل شدہ چھالیہ کی مالیت عالمی منڈی میں کروڑوں روپے بتائی جاتی ہے۔

شال بقیہ 73

انہوں نے کہا کہ ہم نے ذاتی مفادات کے لیے سیاست میں قدم نہیں رکھا ہے ورنہ بی این پی میں ذاتی مفادات رکھنے والے ایک ماہ بھی گزارہ نہیں کر سکتے ہیں ہماری سیاست عوامی مفادات اور علاقائی مفادات کے لیے ہے ہم نے جب محسوس کیا کہ عوام کو نظرانداز کیا جارہا ہے ہم نے اپنا احتجاج ریکارڈ کرنا شروع کردیا۔

شال بقیہ 74

میں کامیاب ہوجائیں گے۔ کھوڑہ میں وزیراعظم عمران خان نے مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان ان ممالک کی فہرست میں آتا ہے جہاں سب سے کم جنگلات بچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 9 نئے نیشنل پارکس ڈکلیئر کردیے ہیں، نیشنل پارکس جنگلات کو بھی تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ نرسریوں میں پودوں کی افزائش کا سلسلہ جاری ہے اور اگلے 5 برس میں بتدریج اپنے مقصد میں کامیاب ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کھوڑہ میں جنگلات کی حفاظت اور ان کے تحفظ کیلئے 300 نگہبان تعینات ہیں موجود ہے جن کی تعداد 3 ہزار تک کردی جائے گی تاکہ وہ جنگل کو آباد رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل جنگل اور درختوں کی اہمیت کو بہت سمجھتے ہیں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے تدریسی اداروں میں ہفتے میں دو گھنٹے بچوں کو شجرکاری سے متعلق آگاہی کیلئے وقف کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ترقیاتی منصوبوں کی آڑ میں سیکڑوں درخت کاٹ دیے گئے اب وہاں ماحولیاتی آلودگی کا تناسب اس قدر بڑھ چکا ہے کہ لوگوں کی صحت متاثر ہونا شروع ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 75

بحث میں حصہ لیتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء کے دوران نجی محلے کو 17 کروڑ روپے کے جعلی اور زائد المعیاد آلات فراہم کئے گئے ہمارے پاس اس حوالے سے ثبوت اور شواہد موجود ہیں انہوں نے سینڈک پراجیکٹ سے متعلق اسمبلی کی قائم کمیٹی پر عدم فعالیت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 15 اکتوبر 2018ء کے اجلاس میں پارلیمانی کمیٹی بنی تھی کمیٹی کے اراکین میں اپوزیشن کے تین اور حکومتی بنچوں سے پانچ اراکین کو شامل کیا گیا تاہم ڈیڑھ سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود اب تک اس کمیٹی کے چیئرمین تک کا انتخاب بھی عمل میں نہیں لایا گیا انہوں نے کہا کہ مذکورہ کمیٹی کا صرف ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں حکومت کی جانب سے صرف میر عارف محمد حسنی شریک ہوئے اس اجلاس میں چیئرمین کے انتخاب کے معاملات طے نہیں ہوسکے اس کے بعد سے اب تک کمیٹی کا کوئی اجلاس منعقد نہیں ہوا۔ انہوں نے سینڈک منصوبے کی لیز میں پندرہ سال کی توسیع پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کن شرائط کی بنیاد پر اس لیز میں توسیع کی گئی ہے اس کا حکومت کو اور نہ ہی اپوزیشن کو علم ہے محکمہ معدنیات کا قلمدان وزیراعلیٰ کے پاس ہے انہوں نے ایک ہاتھ سے سمری خود موو کی اور دوسرے ہاتھ سے خود اس کی منظوری دی انہوں نے کہا کہ لیز میں توسیع سے متعلق محکمہ خزانہ اور لاء ڈیپارٹمنٹ نے اختلافی نوٹ بھی لکھا ہے جس پر ہم انہیں سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینڈک منصوبے کی لیز میں توسیع کا معاملہ اسمبلی میں لایا جائے اور ایوان کو تمام تفصیلات سے آگاہ کیا جائے انہوں نے سینڈک سے متعلق قائم پارلیمانی کمیٹی کی فعالیت کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جلد سے جلد چیئرمین کا انتخاب کر کے کمیٹی کو فعال کیا جائے تاکہ توسیع کے معاملے کو دیکھا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحل وسائل کوڑیوں کے دام فروخت نہیں ہونے دیں گے۔ بی این پی کے اختر حسین لانگو نے کہا کہ ٹڈی دل حملوں نے بلوچستان کی زراعت کو شدید نقصان پہنچایا ہے حکومت کی جانب سے اب تک ان نقصانات کے ازالے کے لئے کوئی پالیسی ہی سامنے نہیں آئی تاکہ زمینداروں کو دوبارہ ان کے پیروں پر کھڑا کیا جاسکے انہوں نے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کی جانب ایوان کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کئی سال سے کیسکو کی جانب سے بجلی کے نظام میں کوئی خاطر خواہ اقدامات نہیں اٹھائے گئے اور لوڈ ہو کر ٹرانسفارمرز خراب ہو رہے ہیں اور لوگ کئی دنوں تک بجلی سے محروم رہتے ہیں انہوں نے کہا کہ شیخ مانڈہ میں قائم ورکشاپ میں بلوچستان کے اکثر اضلاع سے خراب ٹرانسفارمرز مرمت کے لئے لائے جاتے ہیں وہاں پندرہ پندرہ دن بیس روز تک ٹرانسفارمرز مرمت کے لئے پڑے رہتے ہیں انہوں نے بجلی کے نئے فیڈرز کے قیام کی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ اور لوڈ فیڈرز کو تقسیم کیا جائے تاکہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جاسکے صوبائی وزیر خزانہ کو چاہئے کہ لف تائل، روڈوں کی اکھاڑ پچھاڑ اور کوئٹہ پیکج کے نام پر خطیر رقم ضائع کرنے کی بجائے اس رقم سے کیسکو کو واجبات کی ادائیگی کریں تاکہ عوام کو ریلیف دیا جاسکے۔ انہوں نے ایم ایس ڈی کو وسائل کا جز قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت ادویات کی پرچیزنگ کا اختیار نچلی سطح پر منتقل کرے انہوں نے سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی عدم فراہمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سابق وفاقی وزیر آیت اللہ درانی مرحوم جب فاطمہ جناح ہسپتال کے آئی سی یو میں زیر علاج تھے تو اس وقت وہاں وینٹی لیٹر کو آپریٹ کرنے کے لئے عملہ موجود نہیں تھا مریضوں کے عزیز واقارب اور تیماردار خود مریضوں کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جبکہ ڈاکٹرز مسیجر کے ذریعے مریضوں کو ادویات تجویز کر رہے ہیں۔

Daily SHAL Quetta
4
24 جولائی 2020ء
روزنامہ شال کوئٹہ

کوئٹہ وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کی زیر نگرانی جامعہ سلفیہ کوئٹہ میں ایس او پیز کے تحت طلباء امتحانات کا آخری پرچہ حل کر رہے ہیں

شہر میں غیر قانونی رکشوں کے خلاف کارروائی کو مزید موثر اور تیز کیا جائے گا' میران بلوچ

شہر میں بڑی گاڑیوں کے داخل ہونے کی وجہ سے ٹریفک کے شدید مسائل درپیش ہیں

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کوئٹہ ڈویژن میران بلوچ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں غیر قانونی رکشوں اضافی سیٹس اور بڑی مال بردار گاڑیوں کی شہر میں داخلے کے حوالے سے ٹرانسپورٹرز کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ شہر میں غیر قانونی رکشوں کے خلاف کارروائی کو مزید موثر اور تیز کیا جائے گا اس کے علاوہ ونگ روٹ پرمٹ انہوں اور ویگنوں میں اضافے سیٹس بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

عوام پولیس کے ساتھ تعاون کرے جلد جرائم کے خاتمے پر قابو پایا جائے گا، پرویز خان عمرانی

ضلع لسبیلہ ہمیشہ امن کا گہوارہ رہا ہے اور لسبیلہ میں امن امان کی صورتحال بہتر ہے

اوتھل (نامہ نگار) منشیات فروشوں کے خلاف لسبیلہ پولیس موثر اقدامات کر رہی ہے حب میں کافی منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے، عوام پولیس کے ساتھ تعاون کرے جلد جرائم کے خاتمے پر قابو پایا جائے گا، ان خیالات کا اظہار ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما اختتام پاکستان اتحاد کے صوبائی صدر محمد بخش رونجھو سے ڈی پی او آفس اوتھل میں ملاقات کے دوران کیا، ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے مزید کہا کہ ضلع لسبیلہ ہمیشہ امن کا گہوارہ رہا ہے اور لسبیلہ میں امن امان کی صورتحال بہتر ہے معاشرے میں اکا دکا وارداتیں ہوتی رہتی ہیں لیکن لسبیلہ پولیس ہر وقت چوکس رہتی ہے اور جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھی ہوئی ہے منشیات فروش یا جرائم پیشہ افراد کتنے ہی با اثر ہوں لیکن بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

محکمہ قانون و پارلیمنٹری امور حکومت بلوچستان کا اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) محکمہ قانون و پارلیمنٹری امور حکومت بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق بلوچستان پبلک سروس کمیشن کی سفارش اور مجاز حکام کی منظوری سے ڈسٹرکٹ اٹارنی (بی پی ایس ۔18) رمضان خان ولد جانان کو اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پروفیسر عابد مقصود کو تعمیر نو کالج کا پرنسپل مقرر کر دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پروفیسر عابد مقصود کو تعمیر نو کالج کا پرنسپل مقرر کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں پروفیسر فرقان احمد کا انتقال ہو گیا تھا جو پرنسپل کے فرائض سرانجام دے رہے تھے ان کی وفات کے بعد تعمیر نو ٹرسٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے مشترکہ فیصلے کے بعد پروفیسر عابد مقصود کو مارننگ / ایوننگ دونوں شفٹوں کے لیے پرنسپل لگا دیا گیا گزشتہ بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم کے سینیٹ میں بلوچستان کے صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ ایک اچھا قدم ہے' اسرار ترین

بلوچستان کی حکومت اور وفاق کی حکومت میں کوئی اختلاف نہیں ہم ایک پیج پر عوام کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں

ملک میں مافیاز کے خلاف حکومت جنگ جیت جائیگی اور ملک عوام دشمن قوتوں کو شکست ہو گی' رکن قومی اسمبلی

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سردار اسرار ترین نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے سینٹ میں بلوچستان کے صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ ایک اچھا اقدام ہے یہ بل بھی باپ پارٹی نے پیش کیا جسکا کریڈٹ چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی اور تمام اراکین سینٹ کو جاتا ہے اس بل کے پاس ہونے سے صوبے کی پسماندگی اور غربت میں کمی آئیگی اور ترقی و خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شوگر، آٹا، پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں بے جا اضافے سمیت تمام مصنوعی بحران پیدا کرنے والے بڑے مگرمچھوں کا احتساب کرینگے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی حکومت بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

پشین اور زیارت لیویز کی مشترکہ کارروائی میں مغوی بچے کو بازیاب کرایا جا رہا ہے جبکہ پشین سیٹ میں گرفتار ہونے والے اغواکار لیویز کی حراست میں ہے

خالد خان لانگو اور میر ضیاء اللہ لانگو کی دو لیڈر ہیں جو ضلع کو مثالی ضلع بنانے کا بیڑا اٹھائے ہوئے ہیں' عنایت بابر

قلات شہر، قلات اسکلکو، قلات پندران، قلات نیچارہ، قلات شہر کے تمام سڑکوں کی ازسرنو تعمیر جاری ہے

خالق آباد (پ ر) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی اور وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت میں بلوچستان حکومت ترقی کی جانب گامزن ہے کلی گزگی، جوہان کراس، غوث آباد، قلات و دیگر علاقوں میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کے کوششوں سے کروڑوں روپے کی لاگت سے سڑکوں کا جال بچھایا جا رہا ہے بعض سیاسی شخصیات ان کی کریڈٹ لینا چاہتے ہیں مگر عوام بہتر جانتے ہیں کہ انہوں نے اپنے دور میں عوام کیلئے کیا کیا ہے ان خیالات کا اظہار ترجمان بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے اس نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے' عبدالخالق صدیقی

ہرنائی (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و ضلعی امیر مولانا عبدالخالق صدیقی جنرل سیکرٹری مفتی مطیع الرسول نائب امیر مولوی عبدالحق ضلعی ترجمان مفتی عبدالصمد ساجد و دیگر نے کہا کہ ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے اس نااہل حکمرانوں کا مستعفی ہونا ضروری ہے عوام نے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ضلع کچھی میں امن وامان کے قیام کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا' جاوید شاہ غرشین

کچھی (آن لائن) ضلع کچھی میں امن وامان کے قیام کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا پندرہ سو سے زائد پولیس کے شہداء نے قیام امن کیلئے اپنی جانیں قربان کیں ہیں سارے لاک ڈاؤن کے ایس او پیز پر تاجر علماء اور زندگی کے بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

ریاست اعلانات نہیں اقدامات سے ترقی کرے گی' رانا اعجاز

پی ٹی آئی کا طرز سیاست ریاست کی سالمیت کیلئے خطرناک ہے' میاں زید احمد

لاہور (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ این اے 131 کے صدر رانا اعجاز اور سرپرست اعلیٰ یوتھ ونگ لاہور کینٹ و امیدوار کونسلر وارڈ نمبر 10 میاں زید احمد نے کہا ہے کہ حکمران یاد رکھیں ہماری ریاست اعلانات نہیں دور رس اقدامات سے ترقی کرے گی، وہ ڈینگیں مارنا بند کرو ڈیلیور کریں۔ عمران خان نے جس تبدیلی کے نام پر اقتدار حاصل کیا وہ دو برسوں آئی اور نہ آئندہ آئے گی کیونکہ نظام بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

سابق ایم این اے میر عبدالروف مینگل نے خضدار سٹی میں مختلف مقامات پر تعزیت

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی راہنما، سابق ایم این اے میر عبدالروف مینگل نے خضدار سٹی میں مختلف مقامات پر تعزیت کی تفصیلات: بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء سابقہ ایم این اے میر بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

لسبیلہ میں بجلی کی ناروا اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، سماجی تنظیم وانگ

شدید گرمی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، اور اوور بلنگ نے لس بیلہ والوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے

اوتھل (این این آئی) لسبیلہ میں بجلی کی ناروا اور ظالمانہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے، شدید گرمی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، اور اوور بلنگ نے لس بیلہ والوں کی زندگی اجیرن کر دی ہے یہ بات سماجی تنظیم وانگ کی طرف سے جاری کردہ بیان میں کہی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان ایک فی اور وہ کے الیکٹرک کے سامنے بے بس ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا اپنا حلقہ کے الیکٹرک کی ظلم و زیادتی کا شکار ہے جو لمحہ فکریہ ہے، ہفتے میں دو روز مینٹیننس کے نام پر اعلانیہ اور باقی دنوں میں بار بار بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

پولیس کی کارروائی غیر قانونی طور ایران جانے والے 72 افراد گرفتار

چاغی (آن لائن) پولیس کی کارروائی غیر قانونی طور ایران جانے والے 72 افراد گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق دالبندین پولیس نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چاغی کیپٹن ر زوہیب محسن کی ہدایت پر خفیہ اطلاع پر کارروائی کے دوران 72 پاکستانی باشندوں کو گرفتار کر لیا جو کہ غیر قانونی طور پر ایران جانے کے خواہش مند تھے گرفتار افراد کو ٹرک کے ذریعے دالبندین کے راستے سے پاک ایران سرحدی علاقے تک لے جایا جا رہا تھا کہ ایس ایچ او دالبندین پولیس بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

ٹیرر فنانسنگ روکنے کیلئے قانون سازی احسن اقدام ہے، سید حامد علی شاہ موسوی

مذہب کے نام پر نفرت اور فساد پھیلانے والوں کی منی ٹریل نکالی جائے

تمام دہشت گردیوں کا پول کھل جائے گا، جنھیں قربانی کی کھالیں دینا ممنوع ہے

کوئٹہ (آن لائن) سپریم شیعہ علماء بورڈ کے سرپرست اعلیٰ قائد ملت جعفریہ آغا سید حامد علی شاہ موسوی نے کہا ہے کہ ٹیرر فنانسنگ روکنے کیلئے قانون سازی احسن اقدام ہے، قوانین پر عمل درآمد بھی کروایا جائے کوئی ٹیم تحقیق کرے گی کہ 80 کی دہائی میں جن مذہبی رہنماؤں کے پاس سائیکل نہ تھی آج کھرب پتی کیسے بنے؟ مذہب کے نام پر نفرت اور فساد پھیلانے والوں کی منی ٹریل نکالی جائے تمام دہشت گردیوں کا پول کھل جائے گا جنھیں قربانی کی کھالیں دینا ممنوع ہے انہیں سرکاری پروٹوکول بھی نہ دیا بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ملک میں جمہوری نظام کی بحالی و بقا کیلئے بہت سی قربانیاں دی ہیں' جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) کے ہر دور میں عوام کی خدمت کی اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا

انتخابات میں مینڈیٹ چھینے جانے کے باوجود بھی ہم نے ملکی مفادات کے خلاف ایک لفظ نہیں کہا، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ملک میں جمہوری نظام کی بحالی اور اس نظام کی بقاء کے لئے بہت سی قربانیاں دی ہیں ہم نے عوامی مفادات اور ملک کو اقتدار سے زیادہ اہمیت دی، انتخابات میں مینڈیٹ چھینے جانے کے باوجود بھی ہم نے ملکی مفادات کے خلاف ایک لفظ نہیں کہا مسلم لیگ (ن) نے ثابت کیا ہے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ہم نے ذاتی مفادات کے لیے سیاست میں قدم نہیں رکھا ہے' سید معیار جان نوری

پسنی (آن لائن) بی این پی کے رہنما معروف سماجی، سیاسی شخصیت اور سابق تحصیل ناظم سید معیار جان نوری کہا ہے کہ ضلع گوادر میں بی این پی قیادت ورکرز اور عوام کی دسترس سے دور ہوتی جا رہی ہے جو کہ بہت تشویشناک اور ناقابل قبول ہے بقیہ نمبر 73 صفحہ 3 پر

گڈانی کسٹمز کی کھر کھیڑہ چیک پوسٹ پر دو مختلف کارروائیاں

حب (آن لائن) گڈانی کسٹمز کی کھر کھیڑہ چیک پوسٹ پر دو مختلف کارروائیاں ٹریلر گاڑی سے 245 کلو گرام اعلیٰ کوالٹی کی چرس اور جبکہ ایک اور کارروائی میں 3360 کلوگرام بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ سے ڈپٹی اسپیکر بابر موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

سی پیک منصوبے پر سیاسی و عسکری قیادت ایک پیج پر ہے' محمد عبدالقادر

پاک چین اقتصادی راہداری منصوبے سے بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں نمایاں تبدیلی آئی گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاک چین اقتصادی راہداری منصوبے سے بلوچستان کے عوام کی زندگیوں میں نمایاں تبدیلی آئی گی سی پیک منصوبے پر سیاسی و عسکری قیادت ایک پیج پر ہے، سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کو سی پیک منصوبوں پر جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کی بریفنگ پر تمام جماعتوں کے اراکین سینیٹ نے اعتماد کا اظہار کیا جو خوش آئند امر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

صوبائی اسمبلی کی نشستوں کو بڑھانے سے صوبے کے دور افتادہ علاقوں میں ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی' آغا عمر بنگلزئی

قومی اسمبلی میں بھی بل بھاری اکثریت سے پاس کر کے تمام سیاسی جماعتیں بلوچستان دوستی کا ثبوت دیں گی، سابق نگران وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سابق نگراں وزیر داخلہ بلوچستان آغا عمر بنگلزئی نے کہا ہے وزیر اعلیٰ جام کمال خان اور چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی کاوشوں سے بلوچستان اسمبلی کی نشستوں کو بڑھانے کا بل سینیٹ سے منظور ہوا ہے، صوبائی اسمبلی کی نشستوں کو بڑھانے سے صوبے کے دور افتادہ علاقوں میں ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی امید ہے قومی اسمبلی میں بھی بل بھاری اکثریت سے پاس کر کے تمام بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

شجرکاری مہم کو تیز کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں' ڈاکٹر محمد سعید جمالی

شجرکاری مہم میں تمام زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی آگے آنے کی اشد ضرورت ہے

نصیر آباد (خ ن) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نصیر آباد ڈویژن کے زیر اہتمام بلین ٹری سونامی پروگرام کے تحت زمینداروں کیلئے ایک روزہ شراکتی ورکشاپ سرکٹ ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں منعقد ہوا ورکشاپ کے مہمان خصوصی کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی تھے ورکشاپ میں صوبائی سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات ڈاکٹر محمد سعید جمالی، پروجیکٹ ڈائریکٹر سید علی عمران، چیف کنزرویٹر شفیع علی، ڈویژنل ہیڈ جنگلات نصیر آباد محمد امین مینگل، سابق بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کسٹم حکام کی کارروائیاں دو کروڑ روپے مالیت کی منشیات اور سگریٹ برآمد ملزمان حسب سابق فرار

کوئٹہ (این این آئی) کسٹم حکام کی کارروائیاں دو کروڑ روپے مالیت کی منشیات اور سگریٹ برآمد ملزمان حسب سابق فرار ترجمان کسٹم کے مطابق کلکٹر کسٹم کوئٹہ عرفان جاوید ملک کی ہدایت پر کسٹم حکام نے انسداد اسمگلنگ کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف چیک پوسٹ کوئٹہ کے مقام پر کارروائی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کورونا کے باعث 14 اگست کی تقریبات سادگی سے منائیں گے' قائم لاشاری

ڈسٹرکٹ کے تمام اہم سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں اور سبز ہلالی قومی پرچم لہرائے جائیں گے

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے اپنے آفس میں یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورونا کے باعث 14 اگست کی تقریبات سادگی سے منائیں گے محکموں ایس او پیز پر عملدرآمد کرتے ہوئے جشن آزادی کے موقع پر ڈسٹرکٹ کے تمام اہم بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ضلع بھر میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے' ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے

قلات (آن لائن) ڈپٹی کمشنر عزت نذیر بلوچ، ایس پی عبدالحق عمرانی نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں ترقیاتی کاموں کا سلسلہ جاری ہے عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہے امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر قلات عزت نذیر بلوچ ایس ایس پی عبدالحق بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

لورالائی کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمٰن بلوچ پانگلو لورالائی کے اچانک دورہ دروازے بند پائے گئے

شجرکاری مہم کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ پودے بلوچستان کی نرسریوں میں لگ چکے ہیں' عابد سلیم قریشی

صوبائی سیکرٹری فاریسٹ بلوچستان سعید احمد خان جمالی نے خود پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا

نصیر آباد (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ مراد جمالی صوبائی سیکرٹری فاریسٹ سعید احمد خان جمالی کی نصیر آباد آمد۔ جس میں کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی، سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی میر صوبا خان رند میر کریم بخش خان رند مولانا عبداللہ جتک میر غلام نبی عمرانی کے ہمراہ پودا لگا کر شجرکاری مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا زمینداروں میں شجرکاری کے حوالے سے مکمل آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ شجرکاری مہم کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ پودے پورے بلوچستان کی نرسریوں میں لگ چکے ہیں ننھے بچے کے پودا بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

بھارت میں بربریت مودی مائنڈ سیٹ کا شاخسانہ ہے' رمضان رضی خان

جنوبی ایشیاء میں امن اور کشمیر سمیت فلسطین کی آزادی تک دنیا امن و آشتی کا گہوارہ نہیں بن سکتی

لاہور (پ ر) تحریک دفاع پاکستان کے مرکزی چیئرمین جمیل رمضان خان رضی نے کہا ہے کہ بھارت میں کشمیریوں سمیت مسلمانوں کیخلاف بدترین بربریت اور فسطائیت مودی مائنڈ سیٹ کا شاخسانہ ہے۔ جنوبی ایشیاء میں امن اور کشمیر سمیت فلسطین کی آزادی تک دنیا امن وآشتی کا گہوارہ نہیں بن سکتی۔ دنیا اور ہندو مودی کے ناپاک وجود سے نجات کیلئے متحد ہو جائے۔

ہندو تاجر کو قتل کرنا ہمارے اسلامی و بلوچی روایات کے خلاف ہے، مولانا غلام قادر

وڈھ میں ہندو تاجر نانک چند پر دن دہاڑے فائرنگ اور قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر جے یو آئی ضلع لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا یعقوب ساسولی و دیگر اراکین ضلعی مجلس عاملہ نے اپنے مشترکہ بیان میں وڈھ میں ہندو تاجر نانک چند پر دن دہاڑے فائرنگ اور قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہندو تاجر کو قتل کرنا ہمارے اسلامی و بلوچی روایات کے خلاف ہے بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

حکومت اور انتظامیہ بھی مہنگائی کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو گئی ہیں' کاشف حیدری

عیدالاضحیٰ سے قبل مہنگائی اور دوسری جانب بیروزگاری کی وجہ سے خودکشی پر مجبور ہو چکی ہیں، سماجی کارکن

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن کاشف حیدری نے بڑھتی مہنگائی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ عیدالاضحیٰ سے قبل مہنگائی اور دوسری جانب بیروزگاری کی وجہ سے خودکشی پر مجبور ہو چکی ہیں۔ حکومت اور انتظامیہ بھی مہنگائی کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو گئی ہیں اور تبدیلی سرکار سے جتنی امیدیں وابستہ تھی سب ضائع ہو گئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

قبائلی تنازعات سے صوبے کو بہت نقصان پہنچا ہے' پرنس یحییٰ جان بلوچ

ہر دور میں بلوچستان میں آنے والے حکمرانوں نے دعوے کیے ہیں لیکن عملی طور پر وہ اقدامات نہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچ رابطہ اتفاق تحریک (برات) بلوچستان کے صدر پرنس یحییٰ جان بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی اور لوگوں میں پائے جانے والے احساس محرومی کو دور کرنے کے لئے ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے شخص کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا بلوچستان قبائلی صوبہ ہونے کی وجہ سے یہاں پر بسنے والوں کی اپنی ایک حیثیت اور اہمیت ہے جس کو مدنظر رکھتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنانا ہوگا۔

مویشی مالکان سے معاملات کو صبر و تحمل اور افہام و تفہیم سے نمٹایا جائے، علاؤالدین ترین

بیوپاریوں اور مویشی مالکان میں پایا جانے والا خوف و ہراس اور بے چینی و بے یقینی کو دور کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کوئٹہ ڈویژن صدر علاؤالدین ترین نے اپنے جاری کردہ بیان میں حکومت وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ مویشی مالکان بیوپاریوں کے ساتھ عیدالاضحیٰ کی مناسبت سے معاملات کو صبر وتحمل اور افہام و تفہیم سے نمٹایا جائے ایسی صورتحال سال میں ایک مرتبہ آتے ہیں اور مال مویشی بیچتے ہیں ایسی صورتحال میں حکومت نہ صرف کورونا سے بچانے کیلئے موثر اقدامات بلکہ بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

حکومت کا وژن صوبے کی ترقی و خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنا ہے' نور محمد دمڑ

صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ سے صوبے کے تمام دور دراز دشوار علاقوں کو صوبائی اسمبلی میں نمائندگی کا حق ملے

بلوچستان کے قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کیلئے بھی کوشاں ہے' صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

ڈپٹی کمشنر قائم لاشاری صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کو گزشتہ روز بازیاب ہونے والے مغوی بچوں کے بارے میں تفصیلات بتا رہے ہیں

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ سینیٹ میں بلوچستان کے صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کرنے کا سینیٹ میں آئینی ترمیمی بل کی منظوری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان رقبے کے حوالے سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کرنے سے صوبے کی پسماندگی کے خاتمے میں مدد ملے گا صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ سے صوبے کے تمام دور دراز دشوار علاقوں کو صوبائی اسمبلی میں نمائندگی کا حق ملے بلوچستان کے قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کیلئے بھی کوشاں ہے۔ اسلامک ریلیف پاکستان تنظیم کی جانب سے ضلع ہرنائی میں ایمرجنسی ریسپانس پروگرام شروع کرنے سے ضلع ہرنائی دور دراز بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بارکھان میں فائرنگ سے سوشل میڈیا سے وابستہ نوجوان جاں بحق

کوہلو (این این آئی) بارکھان میں فائرنگ سے سوشل میڈیا سے وابستہ نوجوان جاں بحق پولیس کے مطابق بارکھان میں ان دمڑ سے سوشل میڈیا سے وابستہ نوجوان انوار لمبہ کو چوہڑ کوٹ جاتے ہوئے نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سرکاری ملازمین دفتروں میں اپنی حاضری یقینی بنائیں' سہیل الرحمن بلوچ

سرکاری ملازمین اپنی حاضری کو یقینی بنائیں یا ملازمت چھوڑ دیں

غیر حاضر اسٹاف کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی' کمشنر ژوب ڈویژن

لورالائی (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین دفتروں میں اپنی حاضری یقینی بنائیں گھروں میں بیٹھے آفیسران اور اسٹاف کو تنخواہ نہیں دے سکتے، سرکاری ملازمین اپنی حاضری کو یقینی بنائیں یا ملازمت چھوڑ دیں، غیر حاضر اسٹاف کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اچانک لورالائی پانگلو اور ڈائریکٹر ایجوکیشن کے دفاتر کا دورہ کے موقع پر کیا۔ لورالائی پانگلو کے دروازوں میں تالے لگے ہوئے تھے ڈائریکٹر سمیت تمام عملہ غائب بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پاکستان بھر کے کم آمدنی والے نجی تعلیمی ادارے جن مسائل کا شکار ہیں' پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن

پاکستان بھر کے کم آمدنی والے نجی تعلیمی ادارے جن مسائل کا شکار ہیں حکومت وقت ان کی مالی مدد بھی کرنا چاہتی ہے

نجی شعبہ تعلیم نے پاکستان میں شرح خواندگی بڑھانے کے حوالے سے اپنا ایک اہم کردار ادا کیا ہے' ملاقات میں بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی اور وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود سے بلوچستان کے پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن کے مشترکہ وفد کی ملاقاتیں، مسائل سے آگاہ کیا تفصیلات کے مطابق جمعرات کو چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے رکن قومی اسمبلی مولوی کمال الدین کی سربراہی میں مرکزی صدر پرائیویٹ اسکولز نیٹ ورک ڈاکٹر افضل بابر صوبائی صدر آل بلوچستان پروگریسو پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن اور صوبائی صدر اقرار پروگریسو بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

نصیر آباد کمشنر عابد سلیم قریشی صوبائی جنگلات ڈاکٹر محمد سعید جمالی کے ہمراہ پودا لگا رہے ہیں

ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی بطور ڈی ایچ او قلات تعیناتی خوش آئندہ ہے' بابو رمضان لانگو

منگچر (نامہ نگار) ڈاکٹر نصر اللہ لانگو کی بطور ڈی ایچ او قلات تعیناتی خوش آئندہ ہے امید ہے کہ وہ ضلع میں صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں گے ان خیالات کا اظہار بی اے پی کے ضلعی آرگنائزر بابو بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

قلات شاہی محل روڈ چوک پر دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ایک شخص شدید زخمی

قلات (آن لائن) قلات شاہی محل روڈ چوک پر دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ایک شخص شدید زخمی، ہسپتال منتقل، تفصیلات کے مطابق قلات شاہی محل روڈ پر نادرا آفس چوک پر دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ہوا جسکے باعث ایک شخص شدید زخمی ہوا بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

میری گمسی پینل گنداواہ سے 30 سال کے زیادہ عرصہ تک ساتھ رہا ہے اور آگے بھی رہے گا

سابق کونسلر وڈیرہ جمعہ خان رند گمسی پینل کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں

گنداواہ (نامہ نگار) میری گمسی پینل گنداواہ سے 30 سال کے زیادہ عرصہ تک ساتھ رہا ہے اور آگے بھی رہے گا سابق کونسلر وڈیرہ جمعہ خان رند گمسی پینل کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں گزشتہ 30 سال کے زیادہ عرصے سے میرا واسطہ گمسی پینل گنداواہ کے ساتھ رہی ہے اور انشاء اللہ آگے بھی رہے گی۔ پینل کیوجہ سے مجھے جو عزت ملی ہے اسکا کوئی نعم البدل نہیں وڈیرہ جمعہ خان رند تفصیلات کے مطابق: گنداواہ کی معزز شخصیت اور سابق کونسلر حق کمال شاہ وڈیرہ جمعہ خان رند نے مقامی اخباری نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے فرمایا کہ گمسی پینل نے ہمیشہ اپنے ضلع کی عوام کی خدمت کی ہے اور کر رہے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے سائرہ عطا سیکرٹری صحت و افرادی قوت جبکہ ڈاکٹر شاکر علی بلوچ کو ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان تعینات

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں و تبادلے سائرہ عطا سیکرٹری صحت و افرادی قوت جبکہ ڈاکٹر شاکر علی بلوچ ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان تعینات، جمعرات کو چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق تعیناتی کی منتظر سائرہ عطا کو سیکرٹری صحت و افرادی قوت تعینات کر دیا گیا جبکہ اگلے پیش رو بشیر احمد بازئی کو ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے جبکہ ایک اور اعلامیہ کے مطابق سیکرٹری صحت بلوچستان نے ڈاکٹر شاکر علی بلوچ کو ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان تعینات کر دیا ہے۔

ہماری منشیات کے خلاف جدوجہد جاری ہے' خیر جان بلوچ

منشیات ایک ناسور ہے جو کہ ہماری نوجوان نسل کو تباہ کر رہی ہے

اوستہ محمد (نامہ نگار) انسپکٹر ایکسائز پولیس اینڈ نارکوٹکس انچارج اوستہ محمد خیر جان بلوچ کی اوستہ محمد میں ڈائریکٹر جنرل سب زون جناب محمد زمان کی خصوصی ہدایت پر ایک اہم کارروائی کی گئی جس میں انہوں نے 3 کلو چرس ہفتہ و چالیس کلو بھنگ برآمد کر کے ایک ملزم محمد سلیم جمالی کو گرفتار کر لیا مزید تفتیش بھی جاری ہے اس حوالے سے خیر جان بلوچ انچارج ایکسائز پولیس اینڈ نارکوٹکس جناح پریس کلب اوستہ محمد کے صحافیوں کو پریس کانفرنس کے ذریعے تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں ان کے ہمراہ AETO شاہنواز خان جمالی انسپکٹر نور احمد کا کسٹمز میں سے حزار خان، نثار احمد، فتح علی، اختر، احمد نواز، اللہ بخش، بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، جوائنٹ چیف اکنامکس پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ خدائے داد خان کاکڑ، ایکسین فقیر محمد وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہدایت کے مطابق کوئٹہ شہر میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کر رہے ہیں

پشتون قومی تحریک میں چیئرمین جمال شاہ کی خدمات ہمیشہ یاد رکھے جائینگے' مابت کاکا

شروع دن سے پشتون قومی تحریک فخر باچا خان سے وابستہ ہوئے اور مرتے دم تک اس پر سختی سے کاربند رہے

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ 26 جولائی کو عوامی نیشنل پارٹی کی 36 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پارٹی کارکنان تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں باچاخان مراکز گھروں عمارتوں گاڑیوں پر لال پرچم لہرائیں گے اور تمام اضلاع میں اس دن کے بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

پنجگور میں بکریوں میں پائے جانے والے کانگو وائرس اسپرے مہم کا آغاز کر دیا' خلیل الرحمن

پنجگور (آن لائن) پنجگور مال بکرا منڈی چتکان میں محکمہ لائیو اسٹاک ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن میونسپل کمیٹی نے پنجگور میں بکریوں میں پائے جانے والے کانگو وائرس اسپرے مہم بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

ہر ضلع کی سطح پر ہسپتالوں میں لیبارٹریوں، ایکسرے اور راہنمائی کا مکمل فقدان ہے' ثناء بلوچ

ہر ضلع کی سطح پر ہسپتالوں میں لیبارٹریوں ایکسرے مشاورت اور راہنمائی کا مکمل فقدان ہے

پورے بلوچستان کے ہسپتالوں میں ڈاکٹرز کی کمی یا اپنی خدمات و فرائض کی ادائیگی میں عدم دلچسپی ایک اہم مسئلہ ہے' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا ہے کہ جب تک جامع منصوبہ ڈاکٹروں کی سہولیات سے متعلق اور پرائیویٹ پریکٹس کو ریگولیٹ کرنے وقت مقرر نہیں بنایا جاتا صوبہ کے غریب عوام کے مسائل کم نہیں ہو نگیں تعمیرات کی بجائے سہولیات پر بجٹ خرچ کیا جاتا تو ہم آغا خان پرائیویٹ ہسپتالوں میں جانے کی ضرورت محسوس نہ کرتے سوشل میڈیا کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں ثناء بلوچ بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد، ایکسائز پولیس اینڈ نارکوٹکس اوستہ محمد کی اہم کارروائی، انسپکٹر خیر جان بلوچ اے ای ٹی او شاہنواز جمالی پریس کانفرنس کے ذریعے میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں